لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

www.sehar.pk

dailysehar1@gmail.com

جلد: 19 | بدھ 23 ستمبر 2026ء 1448ھ 10 ربیع الثانی 9 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 241

بسم اللہ الرحمن الرحیم

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ٥ (سورۃ البقرہ)

وزیراعظم: حکومت مشکل حالات میں آج پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے

وزیراعظم کا حافظ نعیم الرحمن سے ٹیلیفونک رابطہ

امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کی درخواست، جب وزیر اعظم پاکستان واپس آئیں گے ان سے ملاقات کرینگے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے، امیر جماعت اسلامی کا اکتوبر کے پہلے ہفتے تک لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان

صورتِ حال خراب ہے تو اس کی ذمے دار حکومت ہے، دھرنے جاری رہیں گے، وزیر اعظم ریلیف دینگے تو ٹھیک ورنہ ہم اکتوبر میں لانگ مارچ کرینگے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد /ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں وزیر اعظم نے امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کی درخواست کی۔ ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جس قدر ممکن ہوا عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بناتی رہے گی۔(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

پاکستان و لیبیا کا تجارتی، تعلیمی و کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور سے ملاقات، دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور لیبیا کے درمیان تجارت، تعلیم اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور سے ملاقات ہوئی، اسحاق ڈار نے لیبیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار اور لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ نے علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے خارجہ نے مشرق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 2)

#COP31 TURKIYE
#COP31 TURKIYE
#COP31 TURKIYE

نیویارک: وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

باہمی مفاد میں برادر ملکوں کی شراکت داری بڑھے گی، مقصد اعلیٰ سطح روابط اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید سہولت فراہم کرنا ہے، اسحاق ڈار

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات ہوئی، اس موقع (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

پی ٹی آئی کی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش، وزیراعظم سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے کا مطالبہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے حکومت سے مذاکرات کے لیے آمادگی ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر5)

چینی وزیر خارجہ کا اسحاق ڈار سے اظہارِ ہمدردی، چین قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، وانگ ای

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ایک پولیس کیمپ پر دہشت گرد حملے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 4)

سربراہ پاک فوج سید عاصم منیر کا کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ، سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا

فیلڈ مارشل: شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا

قوم کی حمایت سے دہشتگردی کو شکست دینے کیلئے افواج پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل کی فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت، فیلڈ مارشل کا شہداء کو خراج عقیدت، یادگار شہداء پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی

راولپنڈی /پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلح افواج ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا کی سیکورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، خیبر پختونخوا میں جاری انسداد دہشتگردی آپریشنز اور سرحدی انتظام بارے تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل کو سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر11)

چیف آف ڈیفنس فورسز مارشل سید عاصم منیر ہیڈکوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران شہداء کو سلامی پیش کرتے ہوئے

جنید اکبر کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی گئی

جنید اکبر نے اپنے بیان کے ذریعے عوام کو اسلام آباد آنے پر اکسایا اور اشتعال دلایا، درخواست گزار تاجر

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر کے مبینہ متنازع بیان کا معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گیا، اسلام آباد کے تاجر وقاص احمد نے وکیل اختر چھینہ کے ذریعے جنید اکبر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر6)

قومی اسمبلی میں اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ، 50 فیصد ملازمین گھر سے کام کرینگے

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں فوری طور پر اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے 50 فیصد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر10)

وزیر خزانہ: نجی شعبے میں جدت کو مضبوط ریاستی حفاظتی اقدامات اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے فروغ دیا جانا چاہیے

قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کیلئے بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

وزیر خزانہ نے پاکستان کو درپیش موسمیاتی خطرات، قدرتی آفات سے نمٹنے کی ترجیحات، ڈیجیٹل تبدیلی و ٹوکنائزیشن کے مواقع اور موسمیاتی وعدوں کو عملی اور قابلِ سرمایہ کاری اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے متعدد قانونی ترامیم کے مسودات کی منظوری دیدی

پیمرا سے متعلق قواعد میں ترامیم کا مسودہ بھی پیش، معاملے پر آئندہ اجلاس میں غور کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں قائم کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے پاکستان آئل ریفائننگ، بلینڈنگ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور مصر کا علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور، تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان

ای ایف ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، رپورٹ

آئی ایم ایف سے اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرے گا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان ہے(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں سکھ سنگت کو زیرو لائن تک رسائی، بھارت نے اپنی طرف سے روک دیا

سکھ برادری کرتارپور صاحب کی زیارت کے لیے راہداری کھولنے کی خواہاں ہے، کلدیپ سنگھ گرگج

کرتاپور (مانیٹرنگ ڈیسک) کرتارپور راہداری پر مذہبی رسومات کی ادائیگی کے موقع پر پاکستان میں سکھ سنگت نے زیرو لائن تک پہنچ کر خصوصی ارداس، شبد کیرتن اور آرتی میں شرکت کی اور اپنی مذہبی رسومات ادا کیں۔ دوسری جانب بھارت میں سکیورٹی فورسز نے اکال تخت کے قائم مقام جتھیدار کی قیادت میں سکھ سنگت کو زیرو لائن کی جانب بڑھنے سے روک دیا۔ صوبائی وزیر برائے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی' اب بالکل زیرو ٹالرنس ہوگی' وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد(اے ایف پی) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی ہے اب بالکل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ملتان میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

آئیسکو کی نجکاری کیلئے 10 سرمایہ کاروں اور کاروباری گروپس نے اظہار دلچسپی جمع کروا دیئے، ترجمان

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کی نجکاری کیلئے 10 سرمایہ کاروں اور کاروباری گروپس نے اظہار دلچسپی جمع کروا دیے، سرمایہ کاروں نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

کوہاٹ دھماکا، استعمال ہوئی گاڑی کی شناخت ہوگئی، غیر پھٹا بارودی مواد برآمد

پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد، 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں، دھماکے میں استعمال گاڑی کی ابتدائی شناخت ہوگئی

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ کی تفصیلی رپورٹ سینٹرل پولیس آفس کو ارسال کر دی گئی۔ پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد ہوئی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت کی درخواستیں وکالت نامے نہ ہونے پر واپس کر دی گئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت میں تھانہ کوہسار احتجاج کیس کی سماعت ہوئی، ایمان مزاری اور ہادی علی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر28)

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ

منافع کی واپسی میں کمی کے باعث بھی براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بہتری آئی ہے، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ ملک میں سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں میں مثبت پیش رفت جاری ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری اگست میں 316 ملین ڈالر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر17)

حکومت نے آسان ٹیکس سکیم کے ذریعے تاجروں کے مطالبے پر عمل کرکے اپنا وعدہ پورا کیا، بلال اظہر کیانی

تاجر نمائندوں کی مدد سے ہر دکاندار تک آسان ٹیکس سکیم کی معلومات پہنچائی جائیں، وزیر مملکت کا اجلاس میں اظہار خیال

تاجروں کے مطالبے پر عمل کر کے حکومت نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے اور اب دکانداروں نے اپنی ہی تیار کردہ سکیم کو کامیاب بنانا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نیا آسان ٹیکس سکیم کے ذریعے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 18)

عطا اللہ تارڑ: پی ٹی آئی کو اسلام آباد آکر امن خراب کرنے کی اب اجازت نہیں دیں گے

کاؤنٹر ٹیررازم کی مد میں این ایف سی میں ہر سال حصہ جاتا ہے، این ایف سی شروع ہوئے 2010 سے اب 16 سال ہو گئے ہیں

کہتے ہیں ہمارا مینڈیٹ قیدی کو رہا کرانا ہے، ڈویلپمنٹ مینڈیٹ نہیں، اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں کہ شہریوں کی آمدورفت میں کوئی خلل نہیں ڈالا جائے گا

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کی مد میں این ایف سی ایوارڈ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

آپریشن شعبان 2، بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 6 دہشتگرد ہلاک، جبکہ 9 مشتبہ افراد گرفتار

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 24)

فیلڈ مارشل وسربراہ پاک فوج سید عاصم منیر سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل برائے دفاع وقومی سلامتی کی ملاقات

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی کی پاکستان میں فرانس کے سفیر کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

اسحاق ڈار کی نیویارک میں اہم ملاقاتیں، اسلام آباد یادداشت پر عمل درآمد پر زور

مصر، ترکی، انڈونیشیا، اردن، پاکستان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کے درمیان تعاون اجلاس

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ سے ملاقاتیں کیں جن میں مشرق وسطیٰ اور ایران کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان ملاقاتوں میں مصر، ترکی، انڈونیشیا، اردن، پاکستان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کے درمیان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر20)

وفاقی وزیر داخلہ کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت، شہید کانسٹیبلز کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر نامعلوم شرپسندوں کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 19)

والدین 5 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں، عائشہ رضا فاروق

مثبت ماحولیاتی نمونوں میں کمی خوش آئند ہے، پولیو کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، گفتگو

انسدادِ پولیو ورکرز مشکل اور چیلنجنگ حالات کے باوجود بچوں کے تحفظ کے لیے گھر گھر پہنچ رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ 5 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں اور انسدادِ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اپنے وڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

31 دسمبر تک ریلوے میں ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کا اجرا معطل کر دیا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ریلوے میں کفایت شعاری کے اقدامات پر سختی سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کر دے گی' احسن اقبال

سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے حملے روکنے پر کام کریں' وفاقی وزیر

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا ہے کہ اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کر دے گی۔ اپنے ایک بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے حملے روکنے پر کام کریں۔ احسن اقبال نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کیخلاف مقدمات سیاسی نہیں کرپشن کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 31)

حق مہر بیوی کا لازمی قانونی حق ہے، سپریم کورٹ آف پاکستان

نکاح نامہ محض سرکاری ریکارڈ نہیں بلکہ حقوق کے ثبوت کی دستاویز ہے

عدالت عظمٰی نے قرار دیا کہ نکاح نامہ شادی کا معاہدہ خود نہیں بلکہ پہلے سے طے شدہ نکاح اور اس کی شرائط کا سرکاری ثبوت ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ حق مہر نکاح کا لازمی قانونی حق ہے، یہ بیوی کی ملکیت ہوتا ہے اور شوہر یا اس کے رشتہ دار اسے بیوی کی آزاد مرضی کے بغیر ختم یا معاف نہیں کرا سکتے۔ عدالت عظمٰی نے قرار دیا کہ نکاح نامہ شادی کا معاہدہ خود نہیں بلکہ پہلے سے طے شدہ نکاح اور اس کی شرائط کا سرکاری ثبوت ہے۔ چار رکنی بینچ نے جسٹس شاہد وحید کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 21)

سرکاری سکیم کے حج 2027 کے کامیاب درخواست گزار دوسری قسط کی ادائیگی سے قبل میڈیکل فارم اپلوڈ کر دیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے سرکاری سکیم کے حج 2027 کے کامیاب درخواست گزاروں سے کہا ہے کہ دوسری قسط کی ادائیگی سے قبل میڈیکل فارم اپلوڈ کر دیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر22)

علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر کارروائی 25 ستمبر تک ملتوی

متعلقہ فورم سے رجوع کیے بغیر درخواست کیسے دائر ہوئی؟ جسٹس عبہر گل خان کا استفسار

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر کارروائی 25 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے استفسار کیا کہ متعلقہ فورم سے رجوع کیے بغیر درخواست کیسے دائر ہوئی؟۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عبہر گل خان نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 26)

پاکستان ریلوے میں 31 دسمبر 2026 تک ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کے اجرا کو مکمل طور پر معطل کر دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے کفایت شعاری اقدامات کے تحت وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے میں مالی نظم وضبط قائم کرنے اور غیر ضروری اخراجات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے دوبارہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، طلال چوہدری

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے وزیر مملکت برائے داخلہ

سومنات تو لاشیں گرانے اور توڑ پھوڑ کرنے سے ہی بن سکتا ہے، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے کہ آئندہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومتی وسائل یا طاقت کی بنیاد پر کسی شہر پر حملہ نہیں ہو سکتا، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو حلف کی خلاف ورزی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 32)

این سی سی آئی اے کی غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی، 17 غیر ملکیوں سمیت 100 افراد گرفتار

کال سینٹر سے غیر اخلاقی ایپلیکیشن اور بھارت، برازیل سے فنانشل سکیم کے بھی شواہد ملے، رپورٹ

ملک بھر میں تمام غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف کارروائی جاری ہے، ترجمان این سی سی آئی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی کرتے ہوئے 100 افراد کو حراست میں لے لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق غیر قانونی کال سینٹر سے حراست میں لیے جانے والوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی بیکن ہاؤس انٹرنیشنل کالج میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف کلیکشن پوائنٹس کا دورہ

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف کلیکشن پوائنٹس کا دورہ

اوکاڑہ(بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر +نامہ نگار سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف کلیکشن پوائنٹس کا دورہ اور صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ۔انہوں نے کوڑا کرکٹ اور کچرا اکٹھا کرکے اسے باقاعدگی سے تلف کرنے کے حوالے سے تمام کلیکشن پوائنٹس کی مانیٹرنگ اور بروقت کلیئرنس کا تسلسل برقرار رکھنے کی ہدایات دیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے 'ستھرا پنجاب' ویژن کے تحت ضلع بھر میں صفائی کے بہترین اور پائیدار انتظامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ صفائی کے اقدامات کو بلاتعطل جاری(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

کوہاٹ میں بے گناہ نمازیوں پر حملہ انتہائی شرمناک اور قابل مذمت ہے، چوہدری محمد اشفاق چیمہ

ڈسکہ(نمائندہ خصوصی)کوہاٹ میں بے گناہ نمازیوں پر حملہ انتہائی شرمناک اور قابل مذمت ہے، خوارج جنت کے خواب دکھا کر نوجوانوں کو دوزخ کا ایندھن بنارہے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی چیئرمین پاکستان پیس کونسل چوہدری محمد اشفاق چیمہ اور ضلعی صدر چوہدری محسن عباس گھمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ بزدل دشمن سامنے سے آکر لڑنے کے نتیجے میں اپنے انجام سے باخبر ہے پاک فوج ان امن اور انسانیت دشمنوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے کوشاں ہے اور پوری پاک قوم اپنی افواج کی پشت پر ہے ان خوارج کی طرف سے معصوم شہریوں بے گناہ بچوں کو عبادت گاہوں میں نشانہ بنایا جارہا ہے ان عبادت گذاروں کو اللہ کریم بہتر انعامات سے نوازے گا لیکن مردود خوارج دنیا وآخرت میں ملامت وعذاب کے مستحق ٹھہریں گے چوہدری اشفاق چیمہ اور محسن عباس گھمن نے جاں بحق (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

سردار اکبر حیات ہراج نے آفیسر کالونی شورکوٹ سٹی میں حاجی غلام قادر کوڈھن کی رہائش گاہ پران کی جانب سے دیے گئے پرتکلف عشائیے میں شرکت کی

شورکوٹ(نامہ نگار)ایم پی اے حلقہ پی پی205و چیئرمین قائمہ کمیٹی سردار اکبر حیات ہراج نے آفیسر کالونی شورکوٹ سٹی میں حاجی غلام قادر کوڈھن کی رہائش گاہ پران کی جانب سے دیے گئے پرتکلف عشائیے میں شرکت کی اس موقع پر حلقہ پی پی 205 سے تعلق رکھنے والی اہم سیاسی وسماجی شخصیات اور معززین بھی موجود تھے عشائیے میں حاجی غلام رضا دادوانہ، حاجی غلام مصطفیٰ کوڈھن، چوہدری شاہد محمود کنگ ایڈووکیٹ، مہر ذوالفقار علی نوہانہ، حاجی اللہ بخش گجر، چوہدری انور علی آرائیں، چوہدری فہیم عباس آرائیں، چوہدری امجد علی آرائیں، ملک محمد نواز کھوکھر، رائے عبدالرزاق بھٹی، رانا محمد اشرف، ساجد خان بلوچ، جاوید اقبال راجوانہ، چوہدری محمد ایوب آرائیں، چوہدری محمد امجد آرائیں، اویس امجد آرائیں، مہر محمد اشرف نوناری نمبردار، مہر ذوالفقار نوہانہ، شہزادہ ساک نوہانہ، حافظ محمد حسین سیال، مہر صفدر اقبال دراج، ارشد اقبال بھٹی، چوہدری عامر عباس تارڑ، طارق مقصود کوڈھن نمبردار، حاجی منظور حسین کوڈھن، مہر صادق کوڈھن، مہر(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

ڈسکہ وگردونواح میں موسمی سبزیوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں

ڈسکہ(نمائندہ خصوصی) ڈسکہ وگردونواح میں موسمی سبزیوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں ڈسکہ میں انتظامیہ کی سستی، نااہلی اور ملی بھگت کے باعث ناجائز منافع خوروں نے پنجے گاڑ لئے،گریب عوام پریشان،اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ،ڈسکہ اور گردونواح میں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی موسمی سبزیوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں ، کدو اروی ٹینڈے گوبھی ودیگر سبزیاں عوام کی پہنچ سے دور ہوگئیں، انتظامیہ کی ملی بھگت اور عدم توجہی کے باعث علاقہ بھر میں ناجائز منافع خوروں نے پنجے گاڑ لیے،موسمی سبزیوں کی بہتات ہونے کے باوجود قیمتوں میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔آلو ٹماٹر ادرک لہسن ودیگر سبزیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں اور عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہوگئی ہیں ، سبزی(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دوافراد پکڑے گئے

کاموکے(تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دوافراد پکڑے گئے۔گذشتہ روز واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز ملک حفیظ اور محمد رمضان کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے نواحی گاؤں دندیاں کے محمد عامر اور کوٹلی دلباغرائے کے سکندر حیات کیخلاف مقدمات درج کرلیے ہیں۔

گھریلو ناچاقی سے دلبرداشتہ ہوکر خاتون نے زہریلی گولیاں نگل لیں

کاموکے(تحصیل رپورٹر) گھریلو ناچاقی سے دلبرداشتہ ہوکر خاتون نے زہریلی گولیاں نگل لیں۔گذشتہ روز محلّہ درویش پورہ کی بتیس سالہ سلمیٰ کا اپنے شوہر سے جھگڑا ہوگیا جس کی وجہ سے خاتون نے دلبرداشتہ ہوکر زہریلی(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی

کاموکے(تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔گذشتہ روز کسوکی روڈ کا پچیس سالہ محمد عظیم موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔دیگر ٹریفک حادثات میں دس سالہ دانیال، تیس سالہ آصف، پچاس سالہ حبیب، اُنیس سالہ افضل، اٹھارہ سالہ عثمان، بتیس سالہ عاطف اور بیس سالہ عمر شدید زخمی ہوگیا۔زخمیوں کو طبی امداد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

سیالکوٹ میں معروف بیکری کا پروڈکشن یونٹ بند؛5لاکھ جرمانہ

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں معروف بیکری کا پروڈکشن یونٹ بند؛5لاکھ جرمانہ عائد ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل فرحان احمد کی سربراہی میں آپریشن تفصیلات کے مطابق ایمن آباد روڈ نواں پنڈ میں واقع معروف بیکری پر چھاپہ، 100 کلو پیکنگ میٹریل تلف، سابقہ دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر کارروائی کی گئی، حشرات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

سیالکوٹ میں ایک اور پولیس مقابلہ ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں ایک اور پولیس مقابلہ ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ۔تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کے علاقے لنگڑیالی میں سی سی ڈی ٹیم اہلکار کارروائی کے لیے موجود تھے کہ اچانک فائرنگ کا تبادلہ شروع ہوگیا فائرنگ کے دوران صابی جٹ لنگڑیال نامی نوجوان مبینہ طور پر اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

مسلم لیگ (ن) حقیقی معنوں میں عوامی جماعت ہے، لالہ احسان اللہ انصاری رہنما مسلم لیگ ن

ڈسکہ(نمائندہ خصوصی)مسلم لیگ ن کے رہنما لالہ احسان اللہ انصاری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ(ن) حقیقی معنوں میں عوامی جماعت ہے،عوام اور ن لیگی قیادت کا دکھ سانجھا ہے مسلم لیگ(ن) نے ہمیشہ عوامی مسائل کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے، یہی وجہ ہے کہ عوام اور ن لیگی قیادت کے دکھ اور مسائل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں مسلم لیگ ن کی قیادت نے مشکل حالات میں بھی عوام کے ساتھ کھڑے ہوکر ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت، ملکی ترقی اور خوشحالی مسلم لیگ ن کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے پارٹی قیادت عوام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔

گورنمنٹ ہائی سکول ریحان والا میں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب + بچیکی (نمائندہ سحر +نامہ نگار) گورنمنٹ ہائی سکول ریحان والا میں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت سکول کے پرنسپل محمد اسماعیل وسیر نے کی، سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شفقت محمود اور ڈپٹی سیکرٹری آڈٹ شبیر احمد صابری تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری شکیل احمد رضوی، صدر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن رائے نجیب اللہ , جنرل سیکرٹری راؤ کرم الٰہی عاطف، سینئر ہیڈ ماسٹرز ملک ممتاز احمد، عطا فرید،، منڈی فیض آباد کی سیاسی و سماجی شخصیات اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی،محفل میلاد کے دوران سکول کے طلباء نے درود و سلام اور ہدیہ نعت پیش کرکے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی عقیدت ومحبت کا اظہار کیا جبکہ مقررین نے شرکاء پرزور دیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق ومحبت کے دعووں کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمات پر بھی عمل کریں صرف اسی صورت میں ہی وہ دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں،(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

دہشت گرد ملکی امن تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ان کی سازشوں کا قلع قمع کرنے اور پاکستان کو پائیدار امن کا گہوارہ بنانا پاک فوج کی اوّلین ترجیح ہے، چوہدری آصف شفیق

کاموکے(تحصیل رپورٹر) کاموکے کی ہردلعزیز شخصیت چوہدری آصف شفیق آرائیں نے کہا ہے کہ دہشت گرد ملکی امن تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ان کی سازشوں کا قلع قمع کرنے اور پاکستان کو پائیدار امن کا گہوارہ بنانا پاک فوج کی اوّلین ترجیح ہے جس کیلئے مربوط اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں امن وامان کے قیام کیلئے وفاقی اور صوبائی داروں کے درمیان مربوط رابطہ اور موثر معلومات کا تبادلہ ناگزیر ہے۔دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور پوری قوم ان کیساتھ کھڑی ہے 'پاک فوج کی جانب سے داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے '(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طیب پایا گیا ہے، چوہدری سہیل احمد

پاکپتن(نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت چوہدری سوئیٹس اینڈ بیکرز نگینہ چوک/پرانا ریلوے پھاٹک پاکپتن کی چیف ایگزیکٹو چوہدری سہیل احمد نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طیب پایا گیا ہے، یہ معاہدہ صرف عسکری یا دفاعی نہیں بلکہ تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی جہد دینے والا سنگ میل ہے پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ مکہ مکرمہ مدینہ منورہ اور ترکی کی حفاظت کی ذمہ داری بھی اس کی حصے میں ائی ہے پاکستان ترکی اور سعودی عرب اب ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اگر ایک پر حملہ ہوگا تو تمام فریقین پر حملہ تصور ہوگا، یہ معاہدہ پاکستان کے دفاعی نظام معیشت اور عالمی وقار کے لیے ایک نئی ہموار راہ ہموار کرے گا، الحمدللہ پاکستان کو مسجد نبوی اور حریمین تحفظ کے لیے منتخب کیا گیا ہے پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پانے والا عظیم اور تاریخی دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کے لیے غیر معمولی خوشخبری اور ایمان افروز پیشرفت ہے یہ معاہدہ نہ صرف تینوں(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بینک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ای ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

مرکزی پریس کلب جمبر کے وائس چیئرمین ڈاکٹر خالد ملک کی صاحبزادی رشتہ ازدواج میں منسلک

مرکزی پریس کلب جمبر کے وائس چیئرمین ڈاکٹر خالد ملک کی صاحبزادی ملک شہباز احمد کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک

جمبر(نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ)مرکزی پریس کلب جمبر کے وائس چیئرمین ڈاکٹر خالد ملک کی صاحبزادی ملک شہباز احمد کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں شادی کی پُرمسرت تقریب چھانگا مانگا کے ایک نجی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس میں معزز شخصیات عزیز واقارب اور صحافتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی تقریب کے مہمانان خصوصی رانا اسلم خان سابق ڈی آئی جی پنجاب راؤ احمد ضیاء الرحمٰن اور رانا حاجی سرفراز سابق ایم پی اے نے خصوصی شرکت کی اور ڈاکٹر خالد ملک سمیت اہل خانہ کو شادی کی مبارکباد پیش کی اس موقع پر مرکزی پریس کلب جمبر کے صدر رانا عمران صابری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

شہریوں کو نکاسی آب، سیوریج اور صاف پانی کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور برسات کے دوران برساتی پانی کی فوری نکاسی کیلئے واسا کے انتظامات مزید مؤثر بنانے پر زور

پاکپتن(نامہ نگار)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے مطابق شہریوں کو نکاسی آب، سیوریج اور صاف پانی کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور برسات کے دوران برساتی پانی کی فوری نکاسی کیلئے واسا کے انتظامات مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا ہے، اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی زیر صدارت واسا کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایم پی اے چوہدری جاوید احمد نے بھی شرکت کی، ایم ڈی واسا عاشق علی جاوید نے ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری اقدامات اور مختلف علاقوں میں نکاسی آب، واٹر سپلائی کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی، ایم پی اے چوہدری جاوید احمد نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری کیلئے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا، برسات کے دوران شہریوں کو غیر ضروری مشکلات سے بچانے کیلئے ڈرینز، سیوریج لائنوں(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

شورکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے وفد کی اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد سے ملاقات

شورکوٹ(نامہ نگار) شورکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد سے ملاقات کی۔وفد میں فنانس سیکرٹری شورکوٹ پریس کلب رانا محمد شبیر، ممبر پریس کلب سردار قاسم علی اور مہر سبطین حیدر کملانہ شامل تھے ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تحصیل شورکوٹ میں مختلف ترقیاتی منصوبے زیر غور ہیں، جن میں شہر کے سیوریج نظام کی بہتری، ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں ڈائیلاسز سنٹر کا قیام اور شہر کی خوبصورتی کے لیے مختلف منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ شورکوٹ کی ثقافت اور تاریخی پہچان کو بھی اجاگر کیا جائے گا تاکہ شہر کی(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

Assistant Commissioner
Shorkot
SEP

عوامی سہولت کے لیے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک

حجرہ شاہ مقیم(سردار محمد اعظم وجھلانہ سے)ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ضلعی افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں فلاحِ عامہ کے اقدامات، شہریوں کو درپیش روزمرہ مسائل کے حل اور انفراسٹرکچر کے جاری منصوبوں کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے تمام انتظامی اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت کے لیے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔محمد اکرام ملک نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے دفاتر کے دروازے شہریوں کے لیے کھلے رکھے جائیں اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دی جائے۔انہوں نے کہا کہ پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی اور سڑکوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف کلیکشن پوائنٹس کا دورہ کیا

حجرہ شاہ مقیم(نامہ نگار)ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف کلیکشن پوائنٹس کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کلیکشن پوائنٹس کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے اور جمع ہونے والے کوڑا کرکٹ کی بروقت کلیئرنس اور مناسب تلفی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ''ستھرا پنجاب'' ویژن کے تحت ضلع بھر میں صفائی کے بہترین اور پائیدار انتظامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔محمد اکرام ملک نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ صفائی کے اقدامات بلاتعطل جاری رکھے جائیں اور کسی بھی علاقے میں کچرا جمع نہ ہونے دیا جائے۔اس موقع پر ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی نے صفائی مہم کو مزید موثر بنانے کے لیے ضروری تکنیکی وانتظامی ہدایات جاری کیں۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور ستھرا پنجاب کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی دادرسی کرتے ہوئے ان کے مسائل فرداً فرداً سنے

حجرہ شاہ مقیم(نامہ نگار)ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی دادرسی کرتے ہوئے ان کے مسائل فرداً فرداً سنے اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی ترجیحی بنیادوں پر احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی مسائل کے فوری اور باانصاف حل کے لیے تمام انتظامی دفاتر کے دروازے سائلین کے لیے کھلے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام الناس کی مشکلات کو بلاتاخیر دور کرنا اور میرٹ پر انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد ضلع میں گڈ گورننس کا قیام اور عوام وانتظامیہ کے درمیان حائل فاصلوں کو ختم کرنا ہے۔انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور عوامی ریلیف کے لیے عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

ممبر قومی اسمبلی ملک شاکر بشیر اعوان نے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور کے ہمراہ نوشہرہ وادی سون میں مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کیا

نوشہرہ سون سکیسر(نمائندہ سحر)ممبر قومی اسمبلی ملک شاکر بشیر اعوان نے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور کے ہمراہ نوشہرہ وادی سون میں مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کیا ممبر قومی اسمبلی ملک شاکر بشیر اعوان نے کہا کہ حکومت پاکستان نے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے پیشِ نظر کم آمدنی والے طبقے اور روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کے لیے وزیر اعظم پٹرول ریلیف اسکیم کا عمل درآمد تیز کردیا گیا ہے جس سے صارفین شہری مستفید ہورہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم کا بنیادی مقصد موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان وصارفین کو بلاواسطہ مالی ریلیف فراہم کرنا ہے عوامی سہولت کے لیے حکومت پاکستان کی جانب سے وزیراعظم پٹرول ریلیف اسکیم کے تحت موٹرسائیکل، رکشہ، چنگ چی اور 800 سی سی تک کی ہے گاڑیوں کے لیے پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت فراہم کی جارہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ضلعی افسران کا اجلاس منعقد ہورہا ہے

ڈسکہ شہر وگردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کردیا

ڈسکہ(نمائندہ خصوصی)ڈسکہ شہر وگردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کردیا، ڈسکہ کلاں، عوامی روڈ، محلّہ اسلام پورہ، پسرور روڈ، ماڈل ٹاؤن، پرانی کچہری، سمبڑیال روڈ اور قریبی دیہاتوں کی آبادیوں میں دن اور رات میں کسی بھی وقت بغیر کسی اطلاع کے بجلی بند کئی گھنٹوں کیلئے بند کردی جاتی ہے جبکہ رات میں 10 بجے بھی بجلی بند کی جاتی ہے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے طلباء وطالبات سمیت علاقہ مکین شدید پریشانی کا شکار ہوجاتے ہیں رات کو بجلی کی غیر اعلانیہ بندش سے لوگوں کا سونا بھی محال ہوجاتا ہے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو امور بری طرح متاثر ہورہے ہیں، جبکہ بجلی نہ ہونے سے پانی کی موٹریں بھی بند ہوجاتی ہیں جس کی وجہ سے گھروں اور مساجد میں پانی کی قلت پیدا(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

صادق سرجیکل ہسپتال میں تین روزہ فری آئی کیمپ 1 تا3 اکتوبر منعقد ہوگا: چوہدری غلام نبی

منڈی مدرسہ (نمائندہ خصوصی) صادق سرجیکل ہسپتال میں تین روزہ فری آئی کیمپ 1 تا3 اکتوبر منعقد ہوگا: چوہدری غلام نبی صادق سرجیکل ہسپتال میں تین روزہ خصوصی مفت آئی کیمپ 1 تا3 اکتوبر 2026، صبح 9 بجے تا شام 5 بجے ، صادقسرجیکل ہسپتال، چشتیاں روڈ، منڈی مدرسہ میں سوسائٹی فار پریوینشن کیور آف بلائینڈنس کراچی کے زیر اہتمام منعقد ہوگا۔اس میں آپ کے لیے خصوصی سہولیات ، مفت آنکھوں کے آپریشن ، بصارت ، بہتر بنائیں، مفت ادویات ، علاج کے تمام اخراجات(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

کوٹ رادھا کشن کی ترقی کی جانب پہلا قدم، ڈرائی پورٹ نیلوفر سے سیوریج لائن اور کارپٹ روڈ منصوبے کا افتتاح

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) وفاقی وزیر مملکت باباجی ملک رشید احمد خاں کی خصوصی ہدایت پر کوٹ رادھا کشن میں ڈرائی پورٹ نیلوفر سے سیوریج لائن بچھانے اور کارپٹ روڈ کی تعمیر کے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر مملکت کے فرزند ملک عاطف رشید خاں، کوآرڈینیٹر ملک خالد عمر خاں سمیت شہر کی مختلف تاجر تنظیموں کے عہدیداران، کاروباری شخصیات، سول سوسائٹی کے نمائندگان، سیاسی وسماجی شخصیات اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ سیوریج لائن کی تعمیر سے علاقے میں نکاسی؟ آب کے دیرینہ مسئلے کے حل میں مدد ملے گی جبکہ کارپٹ روڈ کی تعمیر سے شہریوں کو ہموار، محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ منصوبے کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

حجرہ شاہ مقیم تا منڈی احمد آباد اٹاری روڈ عرصہ دراز سے بدحالی کا شکار بیسیوں دیہات کے رہائشیوں کو شدید مشکلات کا سامنا

حجرہ شاہ مقیم(الٰہی بخش ڈولہ) حجرہ شاہ مقیم تا منڈی احمد آباد اٹاری روڈ عرصہ دراز سے بدحالی کا شکار بیسیوں دیہات کے رہائشیوں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم سے منڈی احمد آباد تک جانے والی اہم رابطہ سڑک جسے اٹاری روڈ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے عرصہ دراز سے انتہائی خستہ حالی کا شکار ہے سڑک پر جگہ جگہ بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں جبکہ متعدد مقامات پر سڑک کی سطح بری طرح ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے اٹاری روڈ سے ملحقہ سیکڑوں دیہات کے ہزاروں افراد روزانہ حجرہ شاہ مقیم منڈی احمد آباد اور دیگر علاقوں کی جانب سفر کرتے ہیں سڑک کی موجودہ صورتحال کے باعث مقامی آبادی کے ساتھ ساتھ طلباء سرکاری ونجی ملازمین مریض کسان اور کاروباری افراد بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں مقامی شہریوں کے مطابق (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

اوکاڑہ پٹرولیم مصنوعات کے پیمانوں میں ہیر پھیر پر اسسٹنٹ کمشنر کی کاروائی، پٹرول پمپ سیل

اوکاڑہ(بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سے)اوکاڑہ پٹرولیم مصنوعات کے پیمانوں میں ہیر پھیر پر اسسٹنٹ کمشنر کی کاروائی، پٹرول پمپ سیل، اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے صحافیوں کی شکایت پر فوری کاروائی کرتے ہوئے ٹوٹل پیٹرول پمپ نزد کچہری چوک پر پرائسنگ اور پیمانوں کی چیکنگ کی، اس دوران پیمائش میں واضح کمی ثابت ہونے پر پٹرول پمپ کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق، مقامی صحافیوں نے اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کو اطلاع دی تھی کہ مذکورہ(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)



چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں

کاموکے(تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں۔گذشتہ روز شام ٹبہ محمد نگر کا محمد زاہد لیڈی پارک کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کرکے فیملی کے ہمراہ اندر چلا گیا تو نامعلوم چوراُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے۔جبکہ موضع دندیاں کے زمیندار اکبر کے کھیتوں سے پیٹر انجن، دس تھیلے کھاد اور دیگر زرعی ادویات چوری ہوگئیں۔پولیس نے مقدمات درج کرلیے ہیں۔

پاکستان اسپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے نومنتخب ارکان جاوید رانجھا اور عبید رحمت کو مبارکباد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کرسچن بزنس الائنس کے صدر سیمسن اقبال نے پاکستان اسپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے نومنتخب ارکان جاوید رانجھا اور عبید رحمت کو مبارکباد پیش کی۔

طاقت کے نشے میں بدمست گروہ نے ملک بھر میں فاشزم کا بازار گرم کررکھا ہے، ریحانہ امتیاز ڈار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ طاقت کے نشے میں بدمست گروہ نے ملک بھر میں فاشزم کا بازار گرم کررکھا ہے، شرم آنی چاہیے ان لوگوں کو جو گزشتہ تین دن سے سیالکوٹ میں میرے کارکنان کے گھروں پر مبینہ ظلم وجبر کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کرنے، خواتین سے مبینہ نامناسب سلوک، خاندانوں کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں کے ذریعے خوف پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کے اس طرزِ عمل پر جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ وردی اور سرکاری اختیار عوام کی عزتیں پامال کرنے کا لائسنس نہیں۔ دوسروں کے گھروں میں داخل ہوتے ہوئے ذرا یہ ضرور سوچ لیا کریں کہ وہاں بھی کسی کی ماں، بہن اور بیٹی ہے۔اگر آج کسی اور کے گھر کی حرمت پامال ہورہی ہے تو کل یہی سوال آپ کے دروازے پر بھی کھڑا ہوسکتا ہے۔یادرکھو! طاقت ہمیشہ کے لیے کسی کے پاس نہیں رہتی۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ضلعی افسران کا اجلاس منعقد

اوکاڑہ(بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ضلعی افسران کا اجلاس، اجلاس میں ضلع بھر میں فلاح عامہ کے اقدامات، شہریوں کو درپیش روزمرہ کے مسائل کے حل اور انفراسٹرکچر کے جاری مفید منصوبوں کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام انتظامی اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ عوام کی سہولت کے لیے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

تیز رفتار کار بے قابو ہوکر پیچھے سے آنے والے 22 ویلر ٹریلر سے جاٹکرائی، جس کے نتیجے میں خاتون سمیت تین افراد زخمی

اوکاڑہ(بیورو رپورٹ)اوکاڑہ بائی پاس نزد 27 ٹو ایل کے قریب تیز رفتار کار بے قابو ہوکر پیچھے سے آنے والے 22 ویلر ٹریلر سے جاٹکرائی، جس کے نتیجے میں خاتون سمیت تین افراد زخمی ہوگئے۔ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔بعدازاں تینوں زخمیوں کو مزید علاج کے لیے ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق زخمیوں کی شناخت 42 سالہ محمد ہاشم ولد عبدالغفور، 30 سالہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

توجہ برائے نمائندگان' نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چوہدری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

" کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ(بیورو رپورٹ)وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن" کرائم فری پنجاب" کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 8 0 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا گیا۔گیس ریفلنگ، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر، بجلی چوری پر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 4 1 9 مشکوک افراد348 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی ۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر400 سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے ،6لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔

سماجی کارکن مہر فیاض احمد ہرل کا موجودہ معاشی ابتری اور عوام کی زبوں حالی پر شدید غصے اور تشویش کا اظہار

چنیوٹ(بیورو رپورٹ) سماجی کارکن مہر فیاض احمد ہرل نے موجودہ معاشی ابتری اور عوام کی زبوں حالی پر شدید غصے اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے بے حسی میں ڈوبے حکمرانوں کا شیوہ بن چکا ہے کہ دنیا کے کسی بھی خطے میں جنگ یا بحران کی محض بات بھی چڑھے، تو یہ فوراً اسے ایک موقع بنا کر سارا بوجھ غریب اور پسے ہوئے عوام کے کندھوں پر ڈال دیتے ہیں، جبکہ اپنی نااہلی اور ناکامی کا ملبہ بین الاقوامی حالات پر ڈال کر خود بری الذمہ ہوجاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج مہنگائی کے ہولناک طوفان نے عام آدمی، مزدور اور متوسط طبقے کو جیتے جی دفن کردیا ہے؛ ایک طرف عوام کو بنیادی ضروریات، خوراک اور ادویات تک کے لیے قربانی کے نام پر نچوڑا جارہا ہے، تو دوسری طرف یہی اشرافیہ اپنے شاہانہ اخراجات، عیاشیوں اور اربوں روپے کے لگژری جہاز خریدنے میں مصروف ہے، جوان کی بے حسی کا واضح ثبوت ہے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی اپنے دفتر میں شہریوں کی سنوائی

اوکاڑہ(بیورو رپورٹ+سعید احمد جوئیہ سے)ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی اپنے دفتر میں شہریوں کی سنوائی، حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام الناس کی دادرسی کا تسلسل برقرار ہے اور اس سلسلہ ڈپٹی کمشنر نے اپنے دفتر میں شہریوں کے پاس جا کر انکے مسائل فرداً فرداً سنے اور ان کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی ترجیحی(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

سیالکوٹ میں ایک اور پولیس مقابلہ ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں ایک اور پولیس مقابلہ ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ۔تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کے علاقے لنگڑیالی میں سی سی ڈی ٹیم اہلکار کارروائی کے لیے موجود تھے کہ اچانک فائرنگ کا تبادلہ شروع ہوگیا فائرنگ کے دوران صابی جٹ لنگڑیال نامی نوجوان مبینہ طور پر اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق ہونے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

شہر کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور صاف ستھرا ماحول شہریوں کا بنیادی حق ہے، ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے کہا ہے کہ شہر کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور صاف ستھرا ماحول شہریوں کا بنیادی حق ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں موثر اور مربوط انداز میں ادا کریں۔ صفائی کے نظام میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ شہری خوبصورتی اور گرین بیلٹس کی بحالی کے لیے جاری اقدامات کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز فیصل آباد روڈ سمیت مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، گرین بیلٹس، سڑکوں کے اطراف کی صورتحال اور شہری سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر صفائی کے انتظامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے موقع پر ہی ضروری امور کے بارے میں بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ہدایت کی کہ شہر کی اہم شاہراہوں، داخلی و خارجی راستوں، گرین بیلٹس اور سڑکوں سے ملحقہ علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے گرین بیلٹس کی بحالی، شجرکاری، گھاس اور پودوں کی مناسب دیکھ بھال سمیت بیوٹیفکیشن کے اقدامات کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہری علاقوں کو خوبصورت، سرسبز اور صاف رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ صفائی کا عمل صرف ایک مرتبہ صفائی کرنے تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید محمد عباس شاہ ہیلتھ کونسل، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر اور محکمہ جیل خانہ جات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مہنگائی کا دباؤ شہریوں کی قوتِ خرید کو شدید متاثر کر رہا ہے، وحید مراد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف سماجی رہنما وانپا شاپنگ سینٹر کے ڈائریکٹر وحید مراد نے کہا ہے کہ مہنگائی کا دباؤ شہریوں کی قوتِ خرید کو شدید متاثر کر رہا ہے جبکہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اتار چڑھاؤ نے روزمرہ زندگی کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے پٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کے کرائے اشیائے ضروریہ اور دیگر بنیادی اخراجات بڑھ جاتے ہیں لیکن قیمتوں میں کمی کا حقیقی فائدہ عام صارف تک پہنچنا ایک بڑا سوال ہے۔

شریف النفس و خوش اخلاق تھانہ راوی کے انوسٹی گیشن انچارج سب انسپکٹر مہر جعفر کا مثالی کردار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ پولیس اور عوام کے درمیان خلیج کو مٹانے اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے میں کچھ شخصیات کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہی نمایاں ناموں میں سب انسپکٹر مہر جعفر شامل ہیں، جو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اپنے خوش اخلاق رویے کے باعث عوام کے دلوں میں بستے ہیں۔ تھانہ راوی میں تعیناتی کے دوران انہوں نے ہمیشہ اپنے دروازے سائلین کے لیے کھلے رکھے ہیں۔ ان کا سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ وہ آنے والے ہر شخص کی بات انتہائی تحمل اور سکون سے سنتے ہیں، جس سے سائل کا نصف دکھ وہیں دور ہو جاتا ہے۔ ان کا اندازِ گفتگو شفقت اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

کرائم رپورٹر اسلام اباد (جمشید شفیق) آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کر کے تعریفی اسناد سے نوازا گیا اور پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات، فرض شناسی اور بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد جاری کیں۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دینے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

سرکاری ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) سرکاری ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور مریضوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید محمد عباس شاہ کی زیر صدارت ہیلتھ کونسل، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر اور محکمہ جیل خانہ جات سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ ہیلتھ کونسل، ڈی ایچ کیو ہسپتال اور محکمہ جیل خانہ جات سے متعلق اہم اجلاس، متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی اور پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی، علاج معالجہ اور دیگر انتظامی امور پر بریفنگ دی گئی۔ ہیلتھ کونسل کے حوالے سے جاری اور آئندہ کے اقدامات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے ہدایت کی کہ سرکاری ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور مریضوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہسپتال کے انتظامی و طبی معاملات کی مسلسل نگرانی کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس میں محکمہ جیل خانہ جات سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران سے کارکردگی، سہولیات اور انتظامی معاملات کے بارے میں بریفنگ لی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے حکومتی ہدایات اور مقررہ اہداف کے مطابق ذمہ داریاں پوری کریں اور عوامی سہولیات کی فراہمی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما سید کلیم علی امیر کا موجودہ سیاسی صورتِ حال پر سخت تشویش کا اظہار

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما سید کلیم علی امیر نے موجودہ سیاسی صورتِ حال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے 27 ستمبر کے مجوزہ احتجاج سے قبل ہی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو شدید رکاوٹیں کھڑی کر کے عملاً بند کر دیا ہے، جس سے اس نے انجانے میں پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کی سیاسی حکمتِ عملی اور مقصد کو خود ہی پورا کر دیا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اسلام آباد اور گرد و نواح کی ناکہ بندی کر کے عوام کے لیے شدید مشکلات پیدا کرنا مسلم لیگ (ن) کی انتہائی چھوٹی سوچ اور روایتی، تنگ نظر سیاست کی عکاسی کرتا ہے۔

حرمین شریفین کی سلامتی، بقا اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت، نازیبا اقدام یا ناپاک جسارت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، ڈاکٹر پیر زاہد اسدی

پاکپتن (نامہ نگار) اتحاد بین المسلمین پاکپتن اور مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے صدر معروف سکالر ڈاکٹر پیر زاہد اسدی نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی سلامتی، بقا اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت، نازیبا اقدام یا ناپاک جسارت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا امت مسلمہ کیلئے حرمین شریفین کا تحفظ، دفاع اور احترام ایمان کا بنیادی حصہ ہے، مقدس مقامات اور سعودی عرب کی شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے جیسے بزدلانہ اقدامات سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے جذبات شدید مجروح ہوتے ہیں، اس طرح کی مذموم کارروائیاں نا صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں بلکہ عالمِ اسلام کے امن کو تباہ کرنے کی گہری سازش کا حصہ ہیں، انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سعودی عرب کی جغرافیائی سرحدوں، حرمین شریفین اور مقدسات کی حفاظت کیلئے پوری امت مسلمہ اور بالخصوص پاکستان کے عوام یکجاں اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑے ہیں، خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والی اور عالمِ اسلام کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنیوالی تمام درپردہ سازشوں کو یکجہتی کی طاقت سے ناکام بنایا جائیگا انہوں نے عالمی برادری اور امتِ مسلمہ کے رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ حوثی باغیوں کی اس نوعیت کی جارحانہ کارروائیوں کا سخت نوٹس لیں اور حرمین شریفین کے احترام وسلامتی کو یقینی بنانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں۔

حکومت عوام کو علاج معالجے کی زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے، ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت عوام کو علاج معالجے کی زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے، جبکہ اس مقصد کے لیے نجی شعبے کے صحت کے ادارے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، محکمہ صحت، نے سیالکوٹ میڈیکل کمپلیکس میں منعقدہ ایک اجلاس سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کی صدارت ڈاکٹر خاور حسین قریشی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سیالکوٹ میڈیکل کمپلیکس، نے کی۔ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اور فلاحی تنظیم مرسی کور کے تعاون سے سیالکوٹ میڈیکل کمپلیکس میں ہفتے میں دو روز، پیر اور جمعرات کو، ٹی بی کے خلاف مفت میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا۔ کیمپ میں ٹی بی کے ٹیسٹ اور مریضوں کا طبی معائنہ کیا جائے گا، جبکہ تشخیص کے بعد مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیراز بھی موجود تھے۔ مرسی کور کے سیالکوٹ میں نمائندے بلال لال دین نے بتایا کہ ان کی تنظیم دنیا بھر کے ساتھ ساتھ ضلع سیالکوٹ میں بھی ٹی بی کے خاتمے کے لیے سرگرمِ عمل ہے۔

ننکانہ صاحب: عبوری ضمانت والے ملزم کی گرفتاری، سب انسپکٹر کے خلاف مقدمہ

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) عدالت سے عبوری ضمانت پر موجود اقدام قتل کے مقدمے میں نامزد ملزم کو مبینہ طور پر گرفتار کرنا سب انسپکٹر ارشد کو مہنگی پڑ گئی، ایڈیشنل سیشن جج سانگلہ ہل کے حکم پر سب انسپکٹر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سانگلہ ہل کے گاؤں بروئیہ، چک نمبر 36 کے رہائشی یاسب کو مقدمہ نمبر 26/587 بجرم 324 میں 22 ستمبر 2026 تک عبوری ضمانت حاصل تھی۔ الزام ہے کہ سب انسپکٹر ارشد نے اسے عبوری ضمانت کی مدت کے دوران گرفتار کر لیا، جس پر عدالت نے سب انسپکٹر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم صادر کیا۔ پولیس نے مقدمہ نمبر 26/630 بجرم 342/C-155 درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی ہے۔

ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین نے محلّہ حیات پورہ اور دیگر علاقوں میں قائم چار گورنمنٹ نان فارمل بیسک ایجوکیشن سکولز کا دورہ کیا

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین نے محلّہ حیات پورہ اور دیگر علاقوں میں قائم چار گورنمنٹ نان فارمل بیسک ایجوکیشن سکولز کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں اساتذہ اور طلبہ سے ملاقات کی اور تعلیمی سرگرمیوں سمیت دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر نان فارمل سکولز کی اساتذہ نے ڈپٹی کمشنر کو بتایا کہ گزشتہ چھ ماہ سے لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ان کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نور العین قریشی نے موقع پر اساتذہ کو بتایا کہ معاملہ متعلقہ محکمہ کے ساتھ اٹھایا جا چکا ہے اور امید ہے کہ آئندہ دس روز میں بقایا تنخواہیں ان کے اکاؤنٹس میں منتقل کر دی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر گجرات کو بریفنگ دی گئی کہ ضلع بھر کے 286 نان فارمل سکولز میں قائم کیے گئے بک کارنرز کے لیے شیلفز پہنچا دیے گئے ہیں، جبکہ تمام 286 سکولز میں کتابیں بھی آئندہ تین روز میں پہنچا دی جائیں گی۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے پسرور کا دورہ کیا اور گورنمنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور میں طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے پسرور کا دورہ کیا اور گورنمنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور میں طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پسرور سول ہسپتال کے ٹراما سنٹر، ڈائیلیسز یونٹ، میڈیکل وارڈز، او پی ڈی، فارمیسی اور ایمرجنسی سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال، ادویات کی دستیابی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور عملے کی حاضری کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے مریم نواز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

واسا سیالکوٹ کا ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اور اہم اقدام

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) واسا سیالکوٹ کا ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اور اہم اقدام۔ واسا سیالکوٹ اور جازکیش کے مابین آن لائن بل ادائیگی کی سہولت کی فراہمی کے لیے معاہدے پر دستخط کر دیے گئے۔ اس موقع پر مینیجنگ ڈائریکٹر واسا سیالکوٹ اور ڈائریکٹر انجینئرنگ واسا سیالکوٹ کی جازکیش ٹیم کے ساتھ اہم ملاقات ہوئی۔

ممتاز روحانی شخصیت سید تجمل حسین شاہ کے انتقال پر صحافیوں کا اظہارِ تعزیت، قرآن خوانی کا اہتمام

شیرگڑھ (نمائندہ سحر) ممتاز بزرگ روحانی شخصیت سید تجمل حسین شاہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیرگڑھ کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی قرآن خوانی اور اجتماعی دعا کا اہتمام کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تعزیتی اجلاس کی صدارت ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ و صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیرگڑھ عمران زاہد کھوکھر نے کی۔ اجلاس میں اے ڈی آئی جی ساہیوال سید احمد رضا شاہ عرف پپو شاہ اور سید علی اویس بابر کے والد محترم، روحانی بزرگ سید تجمل حسین شاہ مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، حاجی غلام یسین کھوکھر، حاجی عامر سجاد، سردار مہتاب احمد، عارف علی شاہین، ڈاکٹر طارق فقیر کھوکھر، حاجی ظفر اقبال، ملک محمد افتخار کھوکھر، امتیاز خان، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے پسرور کا دورہ کیا اور گورنمنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور میں طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

ڈاکٹر رمشا ندیم اپنی پیشہ ورانہ قابلیت، تجربے اور مریضوں کی رہنمائی کے ذریعے خدمات انجام دے رہی ہیں

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) جلد، بال اور ناخن سے متعلق مسائل کے علاج کے حوالے سے ایس این گلواپ ایستھیٹک کلینک چوبارہ میں جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جہاں ڈاکٹر رمشا ندیم اپنی پیشہ ورانہ قابلیت، تجربے اور مریضوں کی رہنمائی کے ذریعے خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ڈاکٹر رمشا ندیم کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ وہ مریض کے مسئلے کو سمجھنے، مناسب طبی مشاورت فراہم کرنے اور دستیاب علاج کے طریقہ کار سے آگاہ کرنے پر خصوصی توجہ دیتی ہیں۔ پیشہ ورانہ مہارت، محتاط مشاورت اور مریض کی ضروریات کو اہمیت دینا ڈاکٹر رمشا ندیم کی خدمات کا نمایاں پہلو ہے۔ کلینک میں چنبل، ایکزیما، دائمی خارش، فنگل انفیکشن، چہرے کے دانوں، منہ پہ اضافی بال، چہرے کے داغ دھبے اور کیل چھائیاں۔ سمیت جلد کے مختلف مسائل کے لیے علاج اور طبی مشاورت کی سہولت دستیاب ہے۔ کلینک انتظامیہ کے مطابق ان خدمات کا مقصد مریضوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے مناسب رہنمائی کرنا ہے۔

ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین محلّہ حیات پورہ اور دیگر علاقوں میں قائم چار گورنمنٹ نان فارمل بیسک ایجوکیشن سکولز کا دورہ کرتے ہوئے

کامیاب بولی دے کر ٹھیکہ حاصل کیا، تاہم بعد ازاں مبینہ طور پر مجھے ٹھیکے سے محروم کر دیا گیا، متاثرہ خاتون

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج ساؤتھ سٹی اوکاڑہ کی کینٹین کے ٹھیکے کے معاملہ میں مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام سامنے آیا ہے۔ متاثرہ خاتون نے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اوکاڑہ کو دی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ کینٹین کے ٹھیکے کے لیے ہونے والی بولی میں انہوں نے کامیاب بولی دے کر ٹھیکہ حاصل کیا، تاہم بعد ازاں مبینہ طور پر انہیں ٹھیکے سے محروم کر دیا گیا۔ درخواست گزار کے مطابق بولی میں کامیابی کے باوجود ٹھیکہ کسی اور کو دیے جانے سے انہیں مالی نقصان اور شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا۔ متاثرہ خاتون نے الزام عائد کیا ہے کہ مبینہ طور پر اقربا پروری کرتے ہوئے کینٹین کا ٹھیکہ متعلقہ افراد کی عزیزہ کو دے دیا گیا، جس سے شفاف بولی کے عمل پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ متاثرہ خاتون نے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز سے مطالبہ کیا ہے کہ کینٹین ٹھیکہ کے تمام ریکارڈ، بولی کے عمل اور ٹھیکہ الاٹ کرنے کے فیصلے کی مکمل اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور مبینہ بدعنوانی یا بے ضابطگی ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ درخواست گزار نے اعلیٰ حکام سے معاملے کا نوٹس لے کر اسے میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

محکمہ زراعت، پیسٹ وارننگ و کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز سیالکوٹ کے اشتراک سے تحصیل ڈسکہ کے علاقہ بھکی سندھواں میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان اور محکمہ زراعت (پلانٹ پروٹیکشن) پیسٹ وارننگ و کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز سیالکوٹ کے اشتراک سے تحصیل ڈسکہ کے علاقہ بھکی سندھواں میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس میں چاول کی برآمدات کو درپیش مسائل، زرعی زہروں کے محفوظ استعمال اور زہروں کی باقیات سے پاک پیداوار کے حصول پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول کی ہدایات پر ڈائریکٹر زراعت (پلانٹ پروٹیکشن) ڈاکٹر مقصود احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز پیسٹ وارننگ کی زیر نگرانی منعقدہ سیمینار میں زرعی ماہرین، متعلقہ افسران اور کاشتکاروں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر مقصود احمد نے دھان کی پیداواری و تحفظاتی ٹیکنالوجی اور مربوط طریقہ انسدادِ آفات کے بارے میں آگاہ کیا۔

سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور سیالکوٹ چیمبر کے درمیان باہمی تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور سیالکوٹ چیمبر کے درمیان باہمی تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ کے چیئرمین ملک عبدالغفور اور وائس چیئرمین سیال سید شاہد رضا نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر خاور حسین سپال اور سیالکوٹ چیمبر کے سابق صدر و پاکستان اسپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین ماجد رضا بھٹہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ، سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور کاروباری برادری کے درمیان تعاون، باہمی رابطوں اور ادارہ جاتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ کاروباری برادری اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر روابط اور باہمی تعاون کو فروغ دے کر سیالکوٹ کی صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جا سکتی ہے۔

پٹرولیم مصنوعات کی مقررہ مقدار سے کم فراہمی اور ناپ تول کے پیمانوں میں مبینہ ہیر پھیر کے خلاف تحصیل انتظامیہ کی کارروائیاں تیز

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) پٹرولیم مصنوعات کی مقررہ مقدار سے کم فراہمی اور ناپ تول کے پیمانوں میں مبینہ ہیر پھیر کے خلاف تحصیل انتظامیہ کی کارروائیاں تیز ہوگئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ نے مقامی صحافیوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایت پر فوری کارروائی کرتے ہوئے کچہری چوک کے قریب واقع ٹوٹل پٹرول پمپ کا اچانک معائنہ کیا، جہاں پرائسنگ، پیمانوں اور پٹرول کی مقدار کی جانچ پڑتال کے دوران پیمائش میں واضح کمی پائی گئی انتظامیہ نے کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ پٹرول پمپ کو موقع پر ہی سیل کر دیا تفصیلات کے مطابق مقامی صحافیوں نے اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ کو اطلاع دی کہ کچہری چوک کے قریب واقع پٹرول پمپ پر شہریوں کو مبینہ طور پر مقررہ مقدار سے کم پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے، جس کے باعث صارفین کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شکایت موصول ہوتے ہی اسسٹنٹ کمشنر نے معاملے کا فوری نوٹس لیا اور متعلقہ عملے کے ہمراہ مذکورہ پٹرول پمپ کا دورہ کیا اس موقع پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے ساتھ ساتھ پیمائش کے آلات اور پیمانوں کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

سانگلہ ہل جماعت اسلامی رہنماؤں کی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف لانگ مارچ میں خصوصی شرکت کا اعلان

سانگلہ ہل (نمائندہ عمر حیات کانواں) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے سلسلے میں 40 شہروں میں 30 دن دھرنا دینے کے بعد اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر دیا سانگلہ ہل سے ضلعی امیر میاں زاہد ندیم کی قیادت میں ایک بڑے قافلے کے ساتھ شرکت کا اعلان قافلہ 23 ستمبر کو لاہور پہنچے گا وہاں سے امیر جماعت کی قیادت میں پرامن مارچ اسلام آباد کی جناب روانہ ہوگا اس سلسلے میں میاں زاہد ندیم کا کہنا تھا لیوی بھتہ ختم کروائے بغیر کسی صورت بھی واپسی ممکن نہیں یہ 100 فیصد عوامی مسلہ ہے جس سے غریب عوام پس رہے ہیں غریب عوام بھوکوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کی شکایات سنیں

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو میرٹ کی بنیاد پر فوری ازالہ کے احکامات جاری کیے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا ہے کہ آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق شہریوں کو انصاف کی فراہمی اور انکی مشکلات کا بروقت ازالہ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح اور نصب العین ہے اس سلسلہ میں شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالہ کے لیے بلا تفریق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ پولیس مخلوق خدا کی خدمت کے جذبہ سے سرشار جہاں جرائم پیشہ افراد کے خلاف نبرد آزما ہے وہیں۔

پرویز اختر عباسی نے عالمی یومِ امن کے موقع پر پارٹی کے چیف کوآرڈینیٹر عبدالقادر شاہین کے ہمراہ ایک جامع اور بصیرت افروز پیغام جاری کیا

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما پرویز اختر عباسی نے عالمی یومِ امن کے موقع پر پارٹی کے چیف کوآرڈینیٹر عبدالقادر شاہین کے ہمراہ ایک جامع اور بصیرت افروز پیغام جاری کیا۔ اس پیغام میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ عالمی اور قومی حالات کے تناظر میں امن کا قیام صرف ایک خواہش نہیں بلکہ انسانیت کی بقاء اور ترقی کے لیے ایک ناگزیر ضرورت بن چکا ہے۔ پرویز اختر عباسی نے کہا کہ آج جب دنیا کے کئی خطے جنگ، بدامنی، اور انسانی حقوق کی پامالیوں کی لپیٹ میں ہیں، تو ایسے میں عالمی برادری پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر انسانیت کی فلاح اور امن کے قیام کے لیے مؤثر اور غیر جانبدارانہ اقدامات کرے۔ **انہوں نے خاص طور پر فلسطین اور کشمیر کی صورتِ حال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت اور انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں ایک ایسا زخم ہیں جو پوری انسانیت کے ضمیر پر سوالیہ نشان ہیں۔ معصوم بچوں، عورتوں اور بزرگوں پر ڈھائے جانے والے مظالم عالمی امن کے لیے خطرہ بن چکے ہیں۔ **اسی طرح، انہوں نے مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے عوام کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی انسانی و سیاسی حقوق سے محروم ہیں۔ طاقت، جبر اور پابندیوں کے ذریعے کبھی بھی دیرپا امن قائم نہیں ہو سکتا۔ کشمیر میں امن صرف اسی وقت ممکن ہے جب وہاں کے عوام کو حقِ خودارادیت دیا جائے اور ان کی آواز کو دبانے کی بجائے سنا جائے۔ *انہوں نے کہا کہ پاکستان خود بھی ان مسائل سے گزر رہا ہے۔ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پاکستان نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ ہزاروں معصوم شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں، اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا تاکہ ملک کو امن کی راہ پر گامزن کیا جا سکے پاکستان کی افواج، عوام، اور ریاستی ادارے آج بھی ملک کے کونے کونے میں امن کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

سیوریج مسائل کے فوری حل کے لیے واسا ٹیمیں فیلڈ میں متحرک رہیں، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے شہر کے مختلف ٹاؤنز کا دورہ کیا اور سیوریج کے مسائل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر واسا بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس نے حبیب ٹاؤن میں سیوریج کے مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سیوریج لائنوں کی فوری ڈی سلٹنگ کروائی جائے اور ڈی سلٹنگ کے بعد نکلنے والے کچرے کو بروقت اٹھا کر صفائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ واسا کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک رہیں اور شہر میں جہاں کہیں

بھی سیوریج مسائل کی شکایات موصول ہوں، ان کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کھلے مین ہولز پر فوری طور پر ڈھکن نصب کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات یا حادثات سے محفوظ رکھا جا سکے۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

محکمہ لائیوسٹاک کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے فیلڈ میں مؤثر کردار ادا کرے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت محکمہ لائیوسٹاک کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر جنرل غلام حسین بھٹی، ڈائریکٹر لائیو سٹاک رانا عبدالروف، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک علی حسن، ویٹرنری افسران اور ویٹرنری ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر لائیوسٹاک رانا عبدالروف نے محکمے کی کارکردگی، پنجاب لائیوسٹاک کارڈ، مصنوعی نسل کشی، وزیراعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام، سیمن پروڈکشن، موبائل یونٹس اور فیلڈ میں کسانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات سمیت مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ کسانوں کی جانب سے غیر رجسٹرڈ جانوروں اور مصنوعی نسل کشی سے متعلق موصول ہونے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے کرایہ دار خاتون سے زیادتی کرنے والے مالک مکان کو گرفتار کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے کرایہ دار خاتون سے زیادتی کرنے والے مالک مکان جبکہ اوباش کی طرف سے 10 سالہ بچے کو زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے بلو چک میں خاوند کی عدم موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مالک مکان فاروق کی طرف سے کرایہ دار خاتون (ت) کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا، دوسرے وقوعہ میں عثمان کے 10 سالہ بیٹے احمد کو حویلی میں راجن پور کے سمیر نے بدفعلی کا نشانہ بنایا تھا، مقدمات درج کرنے کے بعد پولیس نے ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

پک اپ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق دوسرا نوجوان شدید زخمی

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں/ ٹریفک حادثہ نوشہرہ ورکاں کے علاقے گوجرانوالا شیخوپورہ روڈ پر نزد بھاکرانوالی پک اپ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق دوسرا نوجوان شدید زخمی فیضان اور صدام موٹر سائیکل پر آرہے تھے نزد بھاکرانوالی یوٹرن پر پیچھے سے آنے والی تیز رفتار پک اپ نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماری جس موٹر سائیکل سوار 25 سالہ فیضان موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کا ساتھی صدام شدید زخمی ہو گیا اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 تلعیالی کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمی صدام کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تشویشناک حالت کے پیشِ نظر مزید علاج معالجے کے لیے گوجرانوالا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا اور ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے 25 (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، پرنسپل میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر، ایم ایس ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال، محکمہ بلڈنگز، محکمہ ہائی وے اور پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ساہیوال کی مجوزہ سکیموں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت گرلز ہاسٹل، ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال اور فریدیہ پارک کی بحالی و بہتری سے متعلق سکیمیں تجویز کی گئی ہیں۔

موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر حکومت اور اپوزیشن کو مل کر مسائل کا حل نکالنا چاہیے، راجہ سکندر خان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر حکومت اور اپوزیشن کو مل کر مسائل کا حل نکالنا چاہیے موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر حکومت اور اپوزیشن کو باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا چاہیے۔ سیاسی وسماجی حلقوں نے کہا ہے کہ ملک اس وقت مختلف چیلنجز سے دوچار ہے، جن سے نمٹنے کے لیے سیاسی استحکام، باہمی مشاورت اور قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

درخت انسانی زندگی کے لیے قدرت کا انمول تحفہ ہے، ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی شمس عمران

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی شمس عمران نے کہا ہے کہ درخت انسانی زندگی کے لیے قدرت کا انمول تحفہ ہے اور صحت مند معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔

آج کل اینٹی کرپشن کی جانب سے دیگر سرکاری محکموں کے ساتھ ساتھ اسٹام فروشوں کے خلاف بھی کارروائیاں دیکھنے میں آرہی

ہارون آباد۔ (اللہ رکھا بابر سے) اہارون آباد سٹام فروش: خادم اور مظلوم؟ ایک لمحہ فکریہ! آج کل اینٹی کرپشن کی جانب سے دیگر سرکاری محکموں کے ساتھ ساتھ اسٹام فروشوں کے خلاف بھی کارروائیاں دیکھنے میں آرہی ہیں۔ اس حوالے سے سچائی اور حقائق کا عوام اور حکام بالا کے سامنے آنا بہت ضروری ہے۔ ا۔ اسٹام فروش کوئی سرکاری ملازم نہیں ہے اور نہ ہی وہ حکومت سے کوئی ماہانہ تنخواہ، مراعات یا انکم حاصل کرتا ہے۔ وہ ڈپٹی کمشنر (DC) سے منظور شدہ ایک لائسنس ہولڈر ہے جو خود روزگار کے تحت اپنا رزقِ حلال کماتا ہے۔ ۲۔ سرکاری قیمت پر اسٹام پیپر کی فراہمی: حکومتِ پنجاب کی جانب سے جتنی قیمت کا اسٹام پیپر جاری ہوتا ہے (مثلاً 100 روپے، 200 روپے والا، 300 روپے)، والا اسٹام عوام الناس کو مناسب ریٹ میں صرف 150 روپے سروس چارجز کے ساتھ بلا جھجک اور بغیر کسی حیل حجت کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسلز ماڑی بھنڈراں۔ ماڑی خورد اور تتلیعالی کا دورہ کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسلز ماڑی بھنڈراں۔ ماڑی خورد اور تتلیعالی کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات، عملے کی حاضری اور جاری صفائی آپریشن کی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال کا ازخود معائنہ کرتے ہوئے کوڑا اٹھانے کے عمل، گلیوں اور محلوں کی صفائی اور کوڑا دانوں کی تنصیب کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ فیلڈ افسران اور عملے کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری، مقررہ شیڈول کے مطابق صفائی آپریشن کی تکمیل اور کوڑا دانوں کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں اسسٹنٹ کمشنر احمد اقبال نے شہریوں سے ملاقات کر کے صفائی خدمات کے معیار اور درپیش مسائل کے حوالے سے براہ راست فیڈ بیک بھی حاصل کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

پاکپتن: ڈپٹی کمشنر آصف رضا واسا کی کارکردگی بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اعلان تقرری

روزنامہ ''سحر'' لاہور کی جانب سے محمد شعیب کو منڈی مدرسہ میں سپیشل رپورٹر مقرر کیا گیا تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے مطلع رہیں۔

نیز خبروں، اشتہارات و مراسلات کے لئے ان سے رابطہ کریں۔ رابطہ نمبر 03007468667

(ادار)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے علی الصبح یونین کونسلز ماڑی بھنڈراں۔ ماڑی خورد اور تتلیعالی کا دورہ کیا

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جماعت اسلامی کا وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ کو عارضی طور پر ملتان میں روکنے کا فیصلہ کرلیا۔ ملتان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کل وزیراعظم کا فون آیا تھا اور انہوں نے ہم سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی، وزیراعظم کو بتایا کہ لوگ شدید مشکلات میں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ وہ جیسے ہی پاکستان پہنچیں گے تو ہمارے ساتھ ملاقات کرکے عوام کو ریلیف دینے کیلئے فیصلے کریں گے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ میں نے وزیراعظم کو مشاورت کے بعد جواب دینے کا کہا تھا، مشاورت کے بعد ہم نے طے کیا ہے کہ ہم اپنے احتجاج سے دستبردار نہیں ہوں گے نہ لانگ مارچ سے دستبردار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صرف اتنا موقع دینا چاہتے ہیں کہ ہم وزیراعظم کی بات سنیں گے، ہمارے کارکن مسلسل میدان میں موجود رہیں گے، ہمارا ایجنڈا فساد نہیں عوام کو ریلیف دینا ہے۔ طویل مشاورت کے بعد ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ وزیراعظم جب پاکستان آئیں گے تو ان سے بات ضرور کریں گے لیکن اپنی تحریک سے دستبردار نہیں ہوں گے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ وزیراعظم تشریف لائیں تا کہ بات چیت شروع کی جاسکے تب تک ہمارے لانگ مارچ کا ملتان میں پڑاؤ موجود رہے گا۔ یہ حکومت کے پاس بات چیت کیلئے آخری چانس ہوگا اور انہیں لیوی کا بھتہ ہر صورت ختم کرنا ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پیٹرول قیمتیں کم کرنے کے لیے مختلف تجاویز دیں لیکن حکومت نے کہا آئی ایم ایف کے پروگرام میں ہیں لیوی کم نہیں کرسکتے۔ قبل ازیں ترجمان وزیراعظم ہاؤس کے مطابق وزیرِاعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں وزیرِاعظم نے امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کا کہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کررہی ہے، حکومت جس قدر ممکن ہوا عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بناتی رہے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے وزیرِاعظم کی تجویز کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ جماعت اسلامی دھرنا مؤخر کرنے پر غور کر رہی ہے، دونوں رہنماؤں نے وزیرِاعظم کے دورے کے بعد ملاقات کرنے اور اس امر پر مزید مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ دوسری جانب پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ انصاف نہ ملے، بات نہ سنی جائے اور اس پر احتجاج نہ کرنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے؟ لانگ مارچ ضرور ہوگا ہم اسلام آباد آئیں گے مگر احتجاج پرامن ہوگا۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفت گو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت اور پارلیمانی پارٹی کی ملاقاتیں ہوئیں، بعد ازاں پریس کانفرنسز بھی کی گئیں، معاملات کو بہتری کی طرف لے جانے کے لیے ہمیشہ کوشش کی اور مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا۔

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ پٹھانی بیوہ منظور احمد سکنہ بنگہ حیات تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کا بیٹا محمد عثمان جو کہ 18 اگست 2023 کو وفات پا گیا تھا، جسکا اندراج بروقت نہ کرواسکی، اندراج یونین کونسل نمبر3 بنگہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر52 رب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رسولاں بی بی دختر شیر محمد چک نمبر52 رب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں شیر محمد والد، محمد بی بی والدہ، محمد افضل خاوند پہلے فوت شدگان، نسرین بی بی دختر بعد میں فوت شد، محمد احسان افضل پسر، پروین افضال، شاکرہ بانو، رضیہ بی بی، شمیم اختر، نصرت احسان، کلثوم نازیہ بی بی، اختر پروین، نسیم افضل دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر108 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نذیر احمد ولد جان محمد چک نمبر108 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں جان محمد والد، زینب بی بی والدہ، رشیداں بی بی زوجہ، اصغر علی، محمد ناصر، راشد نذیر، نوید اختر پسران، پروین اختر دختر پہلے فوت شد گان، اختر علی، ندیم اختر پسران، نسرین کوثر، رابعہ کوثر دختران، جنید حسن اصغر، مزمل اعوان، مبشر اعوان، محمد ارحم، محمد عاشر اعوان، محمد سبحان اعوان، محمد ایان اعوان، مدثر نوید، احمد علی پوتگانش، تہمینہ اصغر، نور فاطمہ، حجرہ راشد، مریم نوید، مدیحہ اعوان، سدرہ نوید پوتیاں، ماریہ علی، مقدس، زنیرہ، حمیرہ امتیاز نواسیاں، انور بی بی بہو، عظمیٰ تبسم بہو، شبانہ حمید بہو، زاہدہ پروین بہو، امتیاز داماد زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر74 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جا تا ہے کہ سلامت علی ولد خیر دین چک نمبر74 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں خیر دین والد، بیرو بی بی والدہ، صغراں بی بی زوجہ پہلے فوت شدگان، منور سلطانہ بعد میں فوت شد، سخاوت علی، لیاقت علی، رفاقت علی، شفاقت علی، ریاست علی پسران، فرزانہ بی بی، رخسانہ بی بی، کوثر پروین دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: سجوارہ (متوفی) ولد صادق قوم موہل ساکن اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ سجوارہ (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ داراں بی بی (پہلے فوت شد) صدی احمد، اکبر بی بی، صابراں بی بی، منیراں، شیماں، اللہ معافی، کریماں (کنواری پہلے فوت شد) دختران سجوارہ اقوام موہل ساکنان اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت سجوارہ (متوفی) کے وارثان کی بابت کسی شخص یاادارے کوکوئی اعتراض ہوتو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوئے بصورت دیگر انتقال سجوارہ (متوفی) منظور کرلیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت ودستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر92 رب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جا تا ہے کہ محمد حیات ولد شہادت علی چک نمبر92 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں شہادت علی، فتح بی بی والدہ پہلے فوت شدگان،، نصرت بی بی بیوہ، عمر خطاب پسر، اللہ رکھی، رابعہ دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر105 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ طالب حسین ولد محمد ابراہیم چک نمبر105 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد ابراہیم والد، سرداراں بی بی والدہ، اللہ رکھا، خادم حسین برادران، خورشید بی بی ہمشیرہ پہلے فوت شد گان،، حسینی بی بی بیوہ، غلام سرور، عارف حسین برادران، نواب بی بی، مقصوداں اختر ہمشیرگان زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر70 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد مختار ولد فتح محمد چک نمبر 70 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں فتح محمد والد، جنت بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، ثناء پروین دختر بعد میں فوت شد، پروین اختر بیوہ، محمد اشتیاق قیصر، محمد عامر مختار، محمد اسد مختار، حسین مختار پسران، صباح مختار دختر زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب جج فیملی کورٹ دیپالپور

دعویٰ تنسیخ نکاح:
عنوان: آسیہ بی بی بنام محمد سہیل

اشتہار بنام محمد سہیل ولد محمد اشرف قوم جٹ ساکن فرید ٹاؤن 8 نمبر سٹاپ ساہیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 23-09-2026 بوقت 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..G. Rasoo

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر52 رب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد افضل ولد ولی محمد چک نمبر52 رب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں ولی محمد والد، مہر بی بی والدہ پہلے فوت شدگان،، رسولاں بی بی بیوہ، نسرین بی بی دختر بعد میں فوت شدگان، محمد احسان افضل پسر، پروین افضال، شاکرہ بانو، رضیہ بی بی، شمیم اختر، نصرت احسان، کلثوم نازیہ بی بی، اختر پروین، نسیم افضل دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر105 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جا تا ہے کہ اللہ رکھا ولد محمد ابراہیم چک نمبر105 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد ابراہیم والد، سرداراں بی بی والدہ، طالب حسین برادر، خورشید بی بی ہمشیرہ پہلے فوت شد گان، خادم حسین برادر بعد میں فوت شد، رضیہ بی بی زوجہ (طلاق شدہ)، غلام سرور، عارف حسین برادران، نواب بی بی، مقصوداں اختر ہمشیرگان زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر33 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد نواز بیگ ولد محمد انور بیگ چک نمبر33 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد انور بیگ والد، زبیدہ بی بی والدہ، محمد زبیر نواز بیگ پسر (کنوارہ) پہلے فوت شدگان، صابرہ نواز بیوہ، سعید نواز بیگ، عمیر نواز پسران، مبشر نواز بیگ، سائرہ نواز، اسماء نواز دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

ازدفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد سلیم ولد نیک محمد سکنہ کوٹ مہندر سنگھ نانک پور تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے بیٹے محمد اویس کی تاریخ پیدائش 01 جولائی 2010 ہے جسکا اندراج بروقت نہ کروا سکا، اندراج یونین کونسل نمبر3 بنگہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: محمد لقمان (متوفی) ولد ولی محمد قوم آرائیں ساکن موضع دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ محمد لقمان (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ سکینہ بی بی (فوت شد)، محمد عمران ساجد، محمد عرفان، رحمت علی پسران، نسیم بی بی دختران محمد لقمان اقوام آرائیں ساکنان دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت علی محمد لقمان (متوفی) کے وارثان کی بابت کسی شخص یاادارے کوکوئی اعتراض ہوتو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوئے بصورت دیگر انتقال محمد لقمان (متوفی) منظور کرلیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت ودستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

از دفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد وسیم اکرم ولد محمد الدین سکنہ چک نمبر 106 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ سائل کے بچوں کے درست نام محمد خضر پسر، نیہا، خضرہ دختران محمد وسیم اکرم ہیں جبکہ رجسٹر تاریخ و پیدائش یونین کونسل نمبر 34 چک نمبر106 گ ب کے ریکارڈ میں سائل کے بچوں کی والدہ والے کالم میں والدہ کا نام فوزیہ اور دادا والے کالم میں دادا کا نام محمد دین درج ہے جو کہ غلط ہے جبکہ والدہ کا درست نام فوزیہ یونس اور دادا کا نام محمد الدین ہے درستگی کی جائے اور شناختی کارڈ نمبر بھی درج کیا جائے۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کر دی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر
: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب آصف اقبال صاحب جج فیملی کورٹ سلانوالی ضلع سرگودھا

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع وغیرہ
عابدہ رزاق بنام محمد رزاق واہلہ
اشتہار بنام: محمد رزاق واہلہ ولد محمد حسین سکنہ چک نمبر 356 ج۔ب گوجرہ حال مقیم گرین ٹاؤن گلی نمبر 1 نزد قائداعظم گرلز ہائی سکول جھنگ روڈ گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 23-09-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: رانی بی بی (متوفیہ) بیوہ بصارا دختر باقر حسین قوم موہل ساکن اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ رانی بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ بصارا (پہلے فوت شد) علی احمد صابر (بعد میں فوت شد) پسر رانی بی بی اقوام موہل ساکنان اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت رانی بی بی (متوفیہ) کے وارثان کی بابت کسی شخص یاادارے کوکوئی اعتراض ہوتو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوئے بصورت دیگر انتقال رانی بی بی (متوفیہ) منظور کرلیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت ودستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر52 رب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نسرین بی بی دختر محمد افضل چک نمبر52 رب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں محمد افضل والد، رسولاں بی بی والدہ، نفیس احمد خاوند پہلے فوت شد گان، نوید احمد، عبد الرحمٰن پسران، مصباح نفیس، زینب بتول، سحر نفیس، کشف نفیس دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر28 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اللہ دتہ ولد بوٹے خاں چک نمبر28 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں بوٹے خاں والد، وزیراں بی بی والدہ، ناظر حسین پسر پہلے فوت شدگان، حمیدہ بی بی بیوہ بعد میں فوت شد، اعظم حسین، شاہد اقبال، مظفر حسین، عمران خاں، عبدالرحمٰن پسران، رشیداں بی بی، جمیلہ بی بی دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب میڈم زائرہ منظور ملک صاحبہ جج فیملی کورٹ سرگودھا

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ
کرن رانی وغیرہ بنام غلام عباس
اشتہار بنام: غلام عباس ولد مرید حسین سکنہ چک نمبر 107 جنوبی تحصیل وضلع سرگودھا

مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 26-09-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب منزہ شبیر احمد عباسی صاحبہ سول جج سیالکوٹ

عظمت علی بنام عوام الناس وغیرہ
عظمت علی ولد اللہ رکھا ساکن قاضی چک تحصیل وضلع سیالکوٹ
درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی
اخبار اشتہار بنام: 1۔ عوام الناس

ہرگاہ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 09-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتے ہیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا۔
بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Tabbasum

از دفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/ کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نازیہ پروین زوجہ صدام حسین سکنہ چک نمبر266 رب محلہ امین ٹاؤن کھڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ سائلہ کے بیٹے کا درست نام محمد سفیان ولد صدام حسین ہیں جبکہ رجسٹر تاریخ و پیدائش میونسپل کمیٹی کھڑیانوالہ کے ریکارڈ میں سائلہ کے بیٹے کے والد والے کالم میں والد کا نام محمد صدام حسین درج ہے جو کہ غلط ہے بمطابق شناختی کارڈ درست نام صدام حسین ہے درستگی کی جائے اور شناختی کارڈ نمبر بھی درج کیا جائے۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کر دی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر:

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر28 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حمیدہ بی بی دختر عزیز خاں چک نمبر28 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں عزیز خاں والد، زینب بی بی والدہ، اللہ دتہ خاوند، ناظر حسین پسر پہلے فوت شدگان، اعظم حسین، شاہد اقبال، مظفر حسین، عمران خاں، عبدالرحمٰن پسران، رشیداں بی بی، جمیلہ بی بی دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب ذکاء الحسن اعوان صاحب جج فیملی کورٹ سرگودھا

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع
ستارہ بی بی وغیرہ بنام عبدالرشید
اشتہار بنام: عبدالرشید ولد عبدالعزیز سکنہ گاؤں اولکھ بونگہ تحصیل چونی ضلع قصور

مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 22-09-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج ہمارے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

افتخار احمد چوہان

پہلوانوں کے شہر سے

I ❤ GUJRANWALA

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

انسانی حقوق کا احترام ہی عالمی امن اور خوشحالی کی بنیاد ہے، مولانا اکبر نقشبندی

عالمی یوم امن کی تقریب سے خطاب، نفرتوں کے خاتمے اور محبتوں کے فروغ کیلئے تمام طبقات کو کردار ادا کرنے کی اپیل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے عالمی یوم امن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جہاں انسانی حقوق کا احترام ہوگا وہاں امن وخوشحالی ہوگی، دنیا میں امن قائم کرنا ہے تو مظلوموں کو ظالموں سے نجات دلانا ہوگی، اسلام امن وسلامتی کا داعی اور انسانی حقوق کا حقیقی علمبردار ہے، قیام امن کیلئے حضور نبی کریم کا خطبہ حجۃ الوداع سب سے زیادہ موثر ضابطہ اخلاق ہے۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، پیر محمد خالد حسن مجددی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ محمد رفیق قادری، علامہ محمد عمر صدیقی، حافظ عدیل عارف، حافظ فیاض الحسن صدیقی، مولانا ضیاالمرتضیٰ چشتی، ڈاکٹر محمد احمد نورانی اور دیگر نے خطاب کیا انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں امن کیلئے خطرہ ہیں، قیام امن کیلئے طاقتور ملکوں کو مسلمانوں کے مذہبی جذبات کا احترام یقینی بنانا ہوگا، امن کی دعویدار طاقتیں خود ہی تباہی کے بیج بو رہی ہیں، معاشرے میں نفرتوں کے خاتمے اور محبتوں کے فروغ کیلئے تمام طبقات کردار ادا کریں۔

فتنہ الخوارج سے مقابلہ میں شہید ہونیوالے کیپٹن ابوذر فاروق فوجی اعزاز کیساتھ سپردِ خاک

جامِ شہادت نوش کرنیوالے گوجرانوالہ کے سپوت پاک فوج کے 23 سالہ بہادر افسر کیپٹن ابوذر فاروق شہید کی نمازِ جنازہ پشاور کے بعد ان کے آبائی علاقے ضلع گوجرانوالہ میں ادا کر دی گئی، شہید کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا

کیپٹن ابوذر فاروق شہید کی نماز جنازہ میں عسکری وسول انتظامیہ، پاک فوج کیافسران و جوانوں، منتخب نمائندگان، عمائدین علاقہ، عزیز واقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں فتنے کے دہشت گردوں کیخلاف بہادری اور جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کرنیوالے گوجرانوالہ کے سپوت پاک فوج کے 23 سالہ بہادر افسر کیپٹن ابوذر فاروق شہید کی نمازِ جنازہ پشاور کے بعد ان کے آبائی علاقے ضلع گوجرانوالہ میں ادا کر دی گئی۔ شہید کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا۔ کیپٹن ابوذر فاروق شہید کی نماز جنازہ میں عسکری وسول انتظامیہ، پاک فوج کیافسران و جوانوں، منتخب نمائندگان، عمائدین علاقہ، عزیز واقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بھی نمازِ جنازہ میں شرکت کی اور شہید کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کیجو صلے اور عزم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ کیپٹن ابوذر فاروق نے وطن عزیز کے دفاع، امن وسلامتی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی قیمتی جان قربان کرکے بہادری اور حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی۔ قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یادرکھے گی جنہوں نے مادرِ وطن کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ کیپٹن ابوذر فاروق شہید نے انتہائی کم عمری میں وطن کی حفاظت کا مقدس فریضہ انجام دیتے ہوئے اپنی جان قربان کی۔ ان کی شہادت نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے گوجرانوالہ کے لیے باعثِ فخر ہے۔ شہید کی میت کو قومی پرچم میں لپیٹ کر پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کیا گیا، جبکہ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی۔ کمشنر ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں قوم کیلیے مشعلِ راہ ہیں اور وطن عزیز کی سلامتی کیلیے دی جانیوالی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ کیپٹن ابوذر فاروق شہید کی قربانی گوجرانوالہ کی سرزمین کیلیے باعثِ فخر اور پوری قوم کیلیے عقیدت واحترام کا استعارہ ہے۔

گوجرانوالہ! وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت ڈپٹی کمشنر نوید احمد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال کے دورہ کے موقع پر طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

چیمبر الیکشن: خواتین کی 2 مخصوص نشستوں پر صائمہ عندلیب اور مہوش فرخ بلا مقابلہ ایگزیکٹو کمیٹی کی ممبران منتخب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دوسالہ انتخابات کے سلسل الروابط میں خواتین کاروباری شخصیات کیلیے مخصوص 2 نشستوں پر انتخابی عمل مکمل ہو گیا جس کے نتیجے میں دونوں امیدوار بلا مقابلہ ایگزیکٹو کمیٹی کی ممبران منتخب ہوگئی ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق چیمبر میں مقررہ شیڈول کے مطابق وصول ہونے والے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد میسرز احمد انٹر پرائزز کی محترمہ صائمہ اندلیب اور میسرز ٹیفوڈل انرجی سلوشنز کی محترمہ مہوش فرخ کے نام فائنل کرتے ہوئے انہیں بلا مقابلہ ایگزیکٹو کمیٹی کا ممبر قرار دے دیا گیا ہے۔

جماعت اسلامی حلقہ خواتین کے زیراہتمام اطفال لیڈرشپ کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں تحریکی گھرانوں اور تحریکی اداروں کے بچوں نے بھرپور شرکت، مختلف مقابلوں میں حصہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) حلقہ خواتین جماعت اسلامی ضلع کیزیر اہتمام اطفال لیڈرشپ کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں تحریکی گھرانوں اور تحریکی اداروں کے بچوں نے بھر پورشرکت کی، بچوں کے درمیان مقابلہ حسن قرات، تقریری مقابلہ بعنوان چاند ستارہ اور ایک وعدہ منعقد کیا گیا جبکہ مختلف گیمز اور ٹیبلو پیش کئے گئے، تقریب کی صدارت حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی ضلعی ناظمہ نازیہ عبدالستار نے کی مہمانان خصوصی میں رمیطہ ثنا مرکزی نگران بزم گل اور کشور رضوان شامل تھیں، اس موقع پر مقابلہ جات اور دیگر گیمز میں حصہ لینے والے بچوں اور انکی ماؤں میں انعامات تقسیم کیے گئے، اطفال سمر کیمپ کے شرکا کو اسناد دی گئیں اور مربین اور مہمانانِ گرامی کو سیرت کتب کے تحائف دیئے گئے۔

پی آئی اوز کیلئے رائٹ ٹو انفارمیشن سے متعلق خصوصی سیشن کا انعقاد

چھاں فاؤنڈیشن اور نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن کے زیراہتمام ای لائبریری میں تقریب، شفافیت اور عوامی معلومات تک رسائی پر آگاہی دی گئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چھاؤں فاؤنڈیشن اور نیشنل لوبنگ ڈیلیگیشن کے زیرِ اہتمام ای لائبریری میں پبلک انفارمیشن افسران) پی آئی اوز (کے لیے ایک خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں لیبر ڈیپارٹمنٹ سیفیغم عباس مظہر، ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل فاروق قصوری، مینیجر صنعت زار میڈم حنا بخاری، نمائندہ ایف بی آر منصور ہاشمی، نیشنل لوبنگ ڈیلیگیشن ایڈووکیٹ بشارت مسیح اور ناصر نیئر، دی ویژن آرگنائزیشن مرزا اویس ایڈووکیٹ، سہیل اختر ایڈووکیٹ، شہباز احمد حافظ محمد انس ظہیر اور ایمان گل نے شرکت کی۔ صدارت چھاں فاؤنڈیشن کی صدر اور معروف سماجی کارکن مس ثمینہ عرفان نے کی، جو طویل عرصے سے حقوقِ نسواں، خواتین کو با اختیار بنانے، تعلیم اور بالخصوص مسیحی و دیگر اقلیتی برادریوں کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم انداز میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ اس سیشن کا بنیادی مقصد معلومات تک رسائی کے قانون یعنی 'رائٹ ٹو انفارمیشن) آر ٹی آئی (اداروں میں شفافیت اور عوامی معلومات تک رسائی کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ھے ایک شفاف، جوابدہ اور جامع طرزِ حکمرانی کو فروغ دینے کے لیے عام شہریوں اور پبلک انفارمیشن افسران کے درمیان باہمی رابطہ اور تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہوگا

گوجرانوالہ۔ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن امجد شہزاد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آلودگی کا سبب بننے والے ریسٹورنٹس باربی کیو پوائنٹس ای پی اے کے نشانے پر

1 سیل متعدد کو جرمانے

آلودگی پھیلانے والی بھٹیوں فیکٹریوں کے بعد باربی کیو شاپس ریسٹورنٹس EPA کے ریڈار پر، کاروبار ضرور کریں لیکن فضا آلودہ کرنے کی اجازت ہرگز نہ ہے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر محمد عمران میو

ماڈل ٹاؤن میں واقع ریاض فیملی ریسٹورنٹ کو 10000 روپے جرمانہ میاں جی تکہ شاپ کو 5000 ہزار پاکستان باربی کیو 10000 ہزار کراچی باربی کیو 10000 ہزار جبکہ زیڈ کے بروسٹ کو 40000 ہزار روپے جرمانہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) آلودگی پھیلانے والی بھٹیوں فیکٹریوں کے بعد باربی کیو شاپس ریسٹورنٹس EPA کے ریڈار پر، کاروبار ضرور کریں لیکن فضا آلودہ کرنے کی اجازت ہرگز نہ ہے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر محمد عمران میو تفصیلات کے مطابق پنجاب بھر میں فضائی آلودگی کیخلاف جاری آپریشن میں محکمہ ماحولیات کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر محمد عمران میو کی نگرانی میں EPA کی ٹیموں عیا باربی کیو شاپس اور ریسٹورنٹ پیزا شاپس کیخلاف نوٹسز کیبعد سکشن ہڈ نا لگانیوالوں کو سیل و جرمانے کرنے کی کارروائیاں شروع ہوچکی ہیں جن میں ماڈل ٹاؤن میں واقع ریاض فیملی ریسٹورنٹ کو 10000 روپے جرمانہ میاں جی تکہ شاپ کو 5000 ہزار پاکستان باربی کیو 10000 ہزار کراچی باربی کیو 10000 ہزار جبکہ زیڈ کے بروسٹ کو 40000 ہزار روپے جرمانہ کرتے ہوئے پیزا کنگ ریسٹورنٹ کو سیل کر دیا گیا۔

دہشت گردی کیخلاف قومی اتفاق رائے مزید مضبوط کیا جائے، زاہد حبیب قادری

بلوچستان سمیت مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش، شہدا کو خراج عقیدت، شہریوں کے تحفظ اور قانون کی بالادستی پر زور

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری کا دہشت گردی کے واقعات پر اظہارِ تشویش , بلوچستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام بالخصوص بلوچستان کے عوام ریاستِ پاکستان کے ساتھ اپنی وابستگی اور وفاداری کا بھرپور اظہار کرتے آئے ہیں , کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت، تشدد یا انتہاپسندانہ پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، مسلح تشدد اور غیر قانونی مسلح سرگرمیاں نہ صرف پاکستان کے امن واستحکام بلکہ خطے کے امن اور انسانی سلامتی کے لیے بھی سنگین چیلنج ہیں۔ بین الاقوامی برادری کو دہشت گردی کی تمام اقسام کے خلاف مشترکہ اور مؤثر اقدامات کو مزید مضبوط بنانا چاہیے۔ محمد زاہد حبیب قادری نے پاکستان کی " مسلح افواج کے شہدا کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ شیراز بابر اور دیگر شہدا " کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے دی جانے والی عظیم قربانیوں کی علامت ہیں۔ انہوں نے شہدا کے اہلِ خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ فتنۃ الخوارج اور دیگر دہشت گرد عناصر کی جانب سے کی جانے والی مسلح کارروائیاں ناقابلِ قبول ہیں۔

بلاول بھٹو عظیم لیڈر، عوام کی نظریں پیپلز پارٹی کی طرف ہیں، ارشاد اللہ سندھو

پی ٹی آئی اور مسلم لیگ ن نے عوام کو مایوس کیا، موجودہ حالات میں پیپلز پارٹی ہی ملک کو ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن کرسکتی ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) بلاول بھٹو زرداری عظیم لیڈر اور محب وطن سیاستدان ہیں مسلم لیگ ن نے عوام کو سخت مایوس کیا ہے بہتر مستقبل اور خوشحال پاکستان کے لیے عوام کی نظریں بلاول بھٹو زرداری اور پیپلز پارٹی کی طرف ہیں ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی ورکر اتحاد ایکشن کمیٹی سنٹرل پنجاب کے چیف کوآرڈینیٹر چوہدری ارشاد اللہ سندھو نے بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی اور مسلم لیگ ن نے عوام کو سخت مایوس کیا ہے تمام سیاسی جماعتیں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں موجودہ حالات میں واحد سیاسی جماعت پیپلز پارٹی اور لیڈر بلاول بھٹو زرداری ہیں جو ملک کو مسائل سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن کرسکتے ہیں تقریب سے پیپلز پارٹی کے راہنما امیدوار قومی اسمبلی این اے 77 , گوجرانوالہ طارق محمود مغل پیپلز پارٹی کے سنیر راہنما باو ایوب مہر ٹکٹ ہولڈر قومی اسمبلی این اے 81 گوجرانوالہ چوہدری مالک ورک پیپلز لاہرز فورم ضلع گوجرانوالہ کے سنیر راہنما ناصر عبادت ملک ایڈووکیٹ محمد رضوان ودیگر نے بھی کیا تقریب کے اختتام پر بلاول بھٹو زرداری کی 37 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا تقریب پیپلز سیکرٹریٹ این اے 77 ٹرسٹ پلازا گوجرانوالہ میں منعقد ہوئی۔

گوجرانوالہ۔ مسلم لیگ ن کے سٹی نائب صدر وٹکٹ ہولڈر پی پی 60 معظم رف مغل، سیاسی وسماجی راہنما افضل چوہان کے بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کرتے ہوئے اس موقع پر بلال صادق مغل، نثار احمد واہگہ و دیگر بھی موجود ہیں

بعدالت جناب شائلہ شیخ صاحبہ سول جج سیالکوٹ

محمد لطیف بنام محمد صدیق وغیرہ

دعویٰ تقسیم جائیداد معہ قبضہ جداگانہ معہ حکم امتناعی دوامی تاکیدی امری

اخبار اشتہار بنام 1۔محمد صدیق ولد محمد بشیر 2۔عظیم رضا ولد محمد رفیق ساکنان کپوروالی تحصیل وضلع سیالکوٹ

ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔لہٰذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ22-09-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتے ہیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا۔بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب نجم الثاقب صاحب سول جج سیالکوٹ

بنیادوں پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی مسائل کے فوری اور باانصاف حل کے لیے تمام انتظامی دفاتر کے دروازے سائلین کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔ انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام الناس کی تکالیف کو بلا تاخیر دور کرنا اور میرٹ پر انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد ضلع میں گڈ گورننس کا قیام اور عوام اور انتظامیہ کے درمیان حائل فاصلوں کو ختم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں عوامی ریلیف کے لیے ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل بھی کیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 18

ہیں اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے اس مشن کو مکمل طور پر کامیاب بنانے کے لیے شہریوں کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ سحر 19

کی مرمت سمیت بنیادی انفراسٹرکچر کے منصوبوں کو

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 72 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد شکور ولد محمد علی چک نمبر 72 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد علی والد، رحمت بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، زبیدہ بیگم بیوہ، ندیم شکور، وسیم شکور پسران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed bhatt

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: رانا غلام محی الدین بنام عوام الناس

رانا غلام محی الدین ولد رانا شکیل احمد خالد ساکن معظم کالونی جی ٹی روڈ مریدکے بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 28-09-2026 کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..fW

بعدالت جناب سید محمد عباس شیرازی صاحب سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق وغیرہ

منجانب حائقہ حامد، حمنہ حامد دختران روبینہ کوثر وحامد رفیق ساکنان مکان نمبر 49/10Z محلہ فیز 3 ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی لاہور کینٹ ضلع لاہور، بنام عوام الناس وغیرہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 06-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب وجیہہ خواج چوہدری صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

اقراء پروین دختر عبدالعزیز بنام جہانزیب گل ولد طارق جاوید، طارق جاوید ولد محمد اسحاق مغل ساکنان گلی فضل احمد والی محلہ کھوکھر کی گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

اطلاع عام

گمشدگی کاغذات

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ میری گاڑی نمبر IDN-*8396* انجن نمبر *2E1296* چیسز نمبر *EE1009557882* مورخہ 04*/09/*2026 کو علاقہ کھاریاں میں گم ہو گئے ہیں اگر کسی کو ملے تو برائے مہربانی اس پتہ پر ارسال کریں شکریہ

المشتہر محمد عمر فاروق ولد غلام سرور ساکن محلہ نبی پورہ کھاریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔

Cr..Afzal

ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو براہِ راست ریلیف فراہم ہو سکے۔

بقیہ سحر 20

ہو جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ طویل لوڈشیڈنگ کے باعث رات کے اوقات میں انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے گیپکو حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 21

سڑک پر موجود گہرے گڑھے موٹر سائیکل سواروں اور دیگر ٹریفک کے لیے خطرے کا باعث بن رہے ہیں خصوصاً رات کے اوقات اور بارش کے دوران گڑھوں میں پانی جمع ہونے سے صورتحال مزید سنگین ہو جاتی ہے جس کے باعث حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک کی خراب حالت کے باعث علاقے کی تجارتی سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں کسانوں کو اپنی زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ مریضوں کو ہسپتالوں تک لے جانے میں بھی دشواری پیش آتی ہے اہل علاقہ نے موجودہ MNA میاں معین خان وٹو اور MPA چوہدری افتخار حسین چھچھر سے مطالبہ کیا ہے کہ حجرہ شاہ مقیم تا منڈی احمد آباد اٹاری روڈ کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لیا جائے اور سڑک کی ازسرنو تعمیر کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم شاہراہ کو مکمل طور پر کارپٹ روڈ بنایا جائے تاکہ حادثات کی روک تھام کے ساتھ ساتھ شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات میسر آ سکیں اہل علاقہ کے مطابق اٹاری روڈ سیکڑوں دیہات کو بڑے شہروں اور اہم تجارتی مراکز سے ملانے والی ایک اہم رابطہ سڑک ہے جس کی فوری تعمیر ومرمت وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 22

پٹرول پمپ پر شہریوں کو مقررہ مقدار سے کم پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے فوری طور پر ٹیم کے ہمراہ پمپ کا دورہ کیا اور پیمانوں کی چیکنگ کی جبکہ پیمانوں کی پڑتال کے دوران پیمائش میں کمی پائی گئی، جس پر اسسٹنٹ کمشنر نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پمپ کو فوری طور پر سربمہر کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے کہا کہ عوام کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ناپ تول میں کمی کرنا نہ صرف قانونی جرم ہے بلکہ اخلاقی و مذہبی لحاظ سے بھی نا قابلِ معافی عمل ہے۔ دیپالپور کی حدود میں تمام پٹرول پمپس کے پیمانے باقاعدگی سے چیک کیے جائیں گے اور گرانفروشی یا کم ناپ تول میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پٹرول پمپ مالکان کو واضح ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ناپ تول کے پیمانوں کو قانون اور مقررہ معیار کے مطابق رکھیں اور لوگوں سے دھوکہ دہی سے باز رہیں

بقیہ سحر 23

کہ ترقیاتی کاموں میں کوالٹی اور شفافیت پر کوئی

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: نذیراں بی بی (متوفیہ) دختر بصارا زوجہ محمد حسن قوم موہل ساکن موضع اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ نذیراں بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد حسن (خاوند)، فخر حسین، ظہیر حسن، طاہر حسن، نسیم بی بی، آسیہ بی بی دختران نذیراں بی بی اقوام موہل ساکنان اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت نذیراں بی بی (متوفیہ) کے وارثان کی بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوے بصورت دیگر انتقال نذیراں بی بی (متوفیہ) منظور کر لیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت و دستخط ہمارے جاری ہوا

Cr..Imam Din

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر ثالثی ومصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 6 عزیز کالونی شاہدرہ لاہور مقدمہ طلاق زیریں دفعہ 8 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961 فریق اول مسماۃ ام کلثوم دختر رانا سخی حبیب ساکن مکان نمبر 32 گلی نمبر 28 اسلامیہ کالونی شاہدرہ لاہور فریق دوئم مسمی محمد طاہر ولد مبشر دین قوم مغل ساکن امام بارگاہ شاہدرہ لاہور مقدمہ بالا میں فریق دوئم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اس سے بیشتر بھی متعدد بار نوٹس حاضری دستی بزریعہ ڈاک جاری ہوئے آپ باوجود تعمیل کے عدم حاضر ہوئے لہٰذا اشتہار اخبار آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 26-09-2026 کو عدالت میں بمعہ ثالث ہو کر آپنا موقف واضح کریں ورنہ حسب ضابطہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..fW

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ ریحانہ کوثر زوجہ محمد الیاس سکنہ ڈاکخانہ علی پور شرقی تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری بیٹی اقصیٰ مبین دختر محمد الیاس کی تاریخ پیدائش 04-02-2009 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

محمد یوسف بنام بشیر احمد خاں وغیرہ

دعویٰ استقرار حق وغیرہ

اشتہار بنام محمد ساجد علی ولد عنایت خاں ساکن چڑیالہ کلاں گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب ریونیو افسر اسسٹنٹ کلیکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم اراضی

محمد اقبال بنام محمد رزاق اشتہار بنام محمد رزاق ولایت خان پسران نزر محمد ریشم بی بی رسولاں بی بی دختران حیات محمد محمد اشرف محمد اقبال محمد اکرم محمد اسلم محمد شریف پسران فاطمہ بی بی محمد رفیع ولایت خان پسران ارشاد بیگم دختر خوشی محمد ارسلان ظفر عثمان ظفر حماد ظفر دائم ظفر احد ظفر پسران صدف ظفر دختر صفیہ بی بی زوجہ ظفر اقبال اقوام جٹ ساکن منڈیر لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-09-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ محمد اکرام ملک نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے دفاتر کے دروازے کھلے رکھے جائیں اور پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی، اور سڑکوں کی مرمت جیسے بنیادی انفراسٹرکچر کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو براہِ راست ریلیف مل سکے۔

بقیہ سحر 24

حبیب اللہ ولد محمد اسلم اور 35 سالہ صالحہ زوجہ حبیب اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ حادثے کے باعث کار کو بھی شدید نقصان پہنچا، جبکہ واقعے کی مزید معلومات متعلقہ اداروں کی جانب سے حاصل کی جارہی ہیں۔

بقیہ سحر 25

والا صابی جٹ ریکارڈ یافتہ ملزم تھا، جس کے خلاف مختلف نوعیت کے مقدمات درج تھے واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو چاروں طرف سے گھیرے میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی۔

بقیہ سحر 26

احترام سے بھرپور ہوتا ہے، جو پولیس کے روایتی خوف کو ختم کر کے ایک پراعتماد ماحول پیدا کرتا ہے۔ مہر جعفر نہ صرف اپنے فرائض کو عبادت سمجھتے ہیں بلکہ عوامی مسائل کے پرامن حل کے لیے بھی کوشاں رہتے ہیں۔ ایسے مخلص اور شریف النفس افسران ہی محکمے اور معاشرے کا اصل اثاثہ ہوتے ہیں

بقیہ سحر 27

میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔

بقیہ سحر 28

سید عابد حسین کرمانی، رانا مشتاق احمد، سید عمران شبیر نقوی، چوہدری علی رضا جتالہ، ملک احمد حسن، سہیل بابر، ڈاکٹر مبشر علی ہجویری، حاجی انصر جاوید، ڈاکٹر حسین رشید، ملک علی نواز نوناری، سید محسن مہدی کرمانی، سید ساجد حسین کرمانی، محمد رفیق ساجد، ملک بلال نذیر سعید الرحمٰن کھوکھر سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ بعدازاں شیرگڑھ، قصور، لاہور۔ ساہیوال، اوکاڑہ، فیصل آباد، لاہور، ملتان، سندھ، قصور، پاکپتن، وہاڑی، گنڈا سنگھ، حجرہ شاہ مقیم، دیپالپور اور گردونواح سے سیاسی وسماجی شخصیات، کارکنان، پولیس افسران واہلکاران، سرکاری ملازمین، صحافیوں، وکلا اور معززینِ علاقہ کی بڑی تعداد مرحوم کی رہائش گاہ پر پہنچتی رہی جہاں فاتحہ خوانی اور اظہارِ تعزیت کا سلسلہ جاری رہا۔ شرکاء نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبرِ جمیل عطا کرے۔

بقیہ سحر 29

ہیلتھ کلینک کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سٹاف

بعدالت جناب سیدہ حبا صاحب اختر صاحبہ سول جج جہلم

دعویٰ استقرار حق عنوان مقدمہ امجد اقبال بنام ڈسٹرکٹ کلکٹر وغیرہ اخبار اشتہار بنام وسیم اللہ، سمیع اللہ پسران چوہدری امان اللہ خان ساکنائے للہ بھروانہ تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 23-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: ریکوری وغیرہ، بعنوان: مسماۃ ثمرہ شہزادی وغیرہ بنام محمد فیصل مشتاق

اشتہار بنام: محمد فیصل مشتاق ولد محمد مشتاق سکنہ ڈاکخانہ واہگہ پری تحصیل واہگہ کینٹ ضلع لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 09-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..fW

بعدالت جناب تنزیلہ تبسم صاحبہ سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعویٰ دلا پانے سامان جہیز وغیرہ، عنوان: سحرش عباس، بنام: محمد بلال، اشتہار بنام: محمد بلال ولد محمد اقبال ساکن محلہ بغداد کالونی تحصیل وضلع گجرات

، ہر گاہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 25/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ شاہد وقار ولد محمد لطیف سکنہ ڈاکخانہ خاص گلانوالہ تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری بیٹی عائشہ وقار دختر شاہد وقار ولد محمد لطیف تاریخ پیدائش 22-04-2021 کا لیٹ اندراج یونین کونسل یونین کونسل چک سادہ میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

محمد مشتاق وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

دعویٰ استقرار حق وغیرہ

اشتہار بنام اشتیاق پسر فہمیدہ بیگم ومحمد سعید متوفی قوم راجپوت ساکن B-975 ماسٹر سٹی گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ مساۃ حمیرہ اصغر بیوہ اصغر علی سکنہ آبادی 5 مرلہ اسکیم نانک پور تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کا خاوند مسمی اصغر علی ولد محمد ابراہیم جو کہ 08 فروری 2025 کو وفات پاگئے تھے جسکا اندراج بروقت نہ کرواسکی، اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگلہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

کی حاضری چیک کرنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کے لیے دستیاب سہولیات اور کلینک کے انتظامی امور کا معائنہ کیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ نصیر زینت گرلز ہائی سکول بڈیانہ اور گورنمنٹ عائشہ گرلز ہائی سکول کا دورہ کیا۔ انہوں نے دونوں تعلیمی اداروں میں ارلی چائلڈ ہڈ کیئر اینڈ ایجوکیشن (ECCE) رومز، کلاس رومز، پینے کے صاف پانی کے فلٹریشن پلانٹس اور واش رومز کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں طلبہ و طالبات کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات، تعلیمی ماحول اور صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو سہولیات کی بروقت فراہمی اور معیار برقرار رکھنے کی ہدایات دیں۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت بھی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھیں۔

بقیہ سحر 30

والے افسران محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بہترین کارکردگی کا اعتراف نہ صرف افسران کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے بلکہ دیگر افسران کو بھی مزید محنت اور بہتر کارکردگی کے لیے ترغیب دیتا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اور عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اسلام آباد پولیس کا اولین فرض ہے۔ شہریوں کو بروقت، موثر اور معیاری پولیس سروسز کی فراہمی کو مزید بہتر بنانا ہماری بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں مکمل لگن، دیانت داری، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ ادا کریں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں۔ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر سطح پر موثر اقدامات کیے جائیں۔ آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ ہم سب نے مل کر پولیس سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانا ہے اور خدمت کو اپنا شعار بناتے ہوئے شہریوں کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور پیشہ ورانہ عزم کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ سحر 31

مر رہے ہیں اور حکمران اپنی عیاشیوں میں مگن ہیں اگر حکومت ہوش کے ناخن نہیں لیتی تو لانگ مارچ سپر دھرنا میں بھی تبدیل ہو سکتا ہے جس کا فیصلہ قیادت کرے گی ہر رکاوٹ کو عبور کر کے ہر صورت اسلام آباد جائیں گے

بقیہ سحر 32

والی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طریقے سے مصنوعی نسل کشی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے لائیو سٹاک کے فیلڈ عملہ اور موبائل یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں متحرک رہیں اور کسانوں کو محکمہ کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب محکمہ لائیو سٹاک کے ذریعے کسانوں کی فلاح وبہبود کے لیے خطیر وسائل خرچ کر رہی ہے، ان حکومتی اقدامات کے ثمرات براہ راست کسانوں تک پہنچنے چاہئیں۔

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالکریم ولد عبدالمجید سکنہ 5 مرلہ اسکیم نانک پور تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی کبریٰ دختر عبدالمجید ہمشیرہ کی تاریخ پیدائش 15 مئی 2006 ہے جسکا اندراج بروقت نہ کروا سکا، اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگلہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست زیر دفعہ 25/7 گارڈین، بعنوان: محمد عبدالرحمٰن بنام عوام الناس وغیرہ

محمد عبدالرحمٰن ولد محمد زاہد ساکن محلہ حیدر ٹاؤن تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہر گاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 23-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..fW

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ وقاص علی ولد غلام شبیر ساکن نور پور شرقی تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ وقاص علی ولد غلام شبیر کی تاریخ پیدائش 17-09-1988 کا لیٹ اندراج یونین کونسل یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ رمیض اشرف ولد محمد اشرف سکنہ محلہ شاہ میراں ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ رمیض اشرف ولد محمد اشرف کی تاریخ پیدائش 01-05-1989 کا لیٹ اندراج یونین کونسل یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

بعدالت جناب یاسر مشتاق ساہی صاحب سول جج گوجرانوالہ،

صباء تبسم بنام اقراء حسین وغیرہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

منجانب صباء تبسم دختر ارشد جاوید ذات بٹ ساکن اسلام سٹی ٹاؤن لدھیوالہ وڑائچ حال مقیم UAE شارجہ سٹی تحصیل وضلع گوجرانوالہ بذریعہ مختار خاص ارشد جاوید ولد محمد حسین ذات بٹ ساکن کلر آبادی نوید کالونی فیصل روڈ نزد مسجد ڈاکخانہ المرتضیٰ حال مقیم اسلام سٹی لدھیوالہ وڑائچ تحصیل وضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24 ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہر گاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد افتخار ولد محمد اصغر قوم سکھیرا سکنہ اراضی امر سنگھ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کہ والدہ انور بی بی 09 جون 2020 کو وفات پاگئی تھی، جسکا اندراج بروقت نہ کرواسکا، اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگلہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بقیہ سحر 33

فراہم کر دیتا ہے۔ جبکہ اسکے متبادل دستک ایپ پر گورنمنٹ نے 950 روپے سروس چارجز متعین کیئے ہوئے ہیں ۳۔ اخراجات اور خدمات: آج کے جدید دور میں دفتری امور چلانے کے لیے کاغذ، پرنٹنگ، بجلی، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور دیگر تمام سہولیات کے اخراجات اسٹام فروش اپنی جیب سیاہ 150 روپے سروس چارجز سے ادا کرتا ہے اس کے باوجود وہ بلا تاخیر عوام کی خدمت میں مصروف رہتا ہے۔ ۴۔ تحریر اور دستاویزات کی قانونی اہمیت: جب کوئی شہری رجسٹری، سیل ایگریمنٹ یا دیگر قانونی فائل بنوانے آتا ہے، تو اسٹام فروش صرف کاغذ نہیں بیچتا بلکہ اپنی محنت، وقت اور قانونی مہارت سے اس وثیقے اور معاہدے کو تحریر کرتا ہے، تاکہ کل کو عدالت میں وہ ایک مضبوط قانونی شہادت بن سکے۔ اس تحریر، فارمیٹنگ اور دستاویز کو محفوظ بنانے کا جو معاوضہ وہ لیتا ہے، وہ اس کی جائز محنت اور اجرت ہے، کوئی رشوت یا ناجائز رقم نہیں ھے نہ ہی وہ کرپشن کے زمرے میں آتا ہے حکام بالا سے اپیل: ایک غیر سرکاری شخص جو اپنی محنت ومشقت سے روزی کما رہا ہے اور عوام کے لیے آسانیاں پیدا کر رہا ہے، اسے بیوروکریسی یا سرکاری محکموں کے ترازو میں تولنا ناانصافی ہے۔ اینٹی کرپشن اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ محنت کش اور مظلوم اسٹام فروشوں کو بلاوجہ ہراساں کرنے کے بجائے حقیقی کرپشن کا خاتمہ کریں۔

بقیہ سحر 34

سالہ فیضان کی نعش ضروری کاروائی کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں منتقل کر دیا گیا ٹریفک حادثہ کی اطلاع ملنے پر تھانہ تتلیعالی پولیس موقع پر پہنچ گئی تھانہ تتلیعالی پولیس نے ٹریفک حادثہ کی تحقیقات شروع کردی ھے

بقیہ سحر 35

تحصیل مینیجر اور سپروائزر کو شہریوں کی شکایات اور نشاندھی کردہ مسائل کے فوری ازالے اور صفائی آپریشن کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت نوشہرہ ورکاں تحصیل بھر کے قصبوں اور دیہاتوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے فیلڈ آپریشنز کی مسلسل نگرانی جاری ھے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے تتلیعالی انکروچمنٹ کا آپریشن کیا روڈ پر ٹریفک کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے ناجائز تجاوزات کو فوری ہٹانے کا حکم دیا آپریشن کے دوران روڈ پر موجود بھٹے۔ ریڑھیاں کرین سے اٹھا کر ٹرک میں لوڈ کر کے نوشہرہ ورکاں لے جانے کا حکم دیا تتلیعالی اسسٹنٹ کمشنر احمد اقبال کے اتے ہی دوکاندار اپنی اپنی حدود میں چلے گئے اسسٹنٹ کمشنر احمد اقبال نے صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دوکاندار میرے جانے کے بعد روڈ پر اجاتے ہیں کوئی ریڑھی والا۔ بھٹے والا روڈ پر آیا تو اس کے خلاف قانون حرکت میں اے گا اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ دفتر قانگو رانا محمد اسلم۔ محمد نواز ہنجرا۔ محمد ارشد کانسٹیبل بھی تھے

بقیہ سحر 36

اینڈ فنانس نے افسران کو ہدایت کی کہ سیوریج سے متعلق عوامی شکایات کے حل میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور فیلڈ میں جاری کام کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ سحر 37

لیے سرگرم ہیں بلوچستان، خیبر پختونخوا، سندھ اور گلگت بلتستان سمیت ہر خطہ آج بہتر مستقبل کے لیے

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: نورحسن بنام چیئرمین واپڈا وغیرہ

اشتہار بنام: چیئرمین واپڈا، واپڈا ہاؤس لاہور، XEN واپڈا لیسکو ڈویژن فیروزوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ریونیو آفیسر واپڈا لیسکو ڈویژن فیروزوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، SDO واپڈا لیسکو سب ڈویژن فیض پور تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 25-09-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تکذیب نکاح، بعنوان: مسماۃ آسیہ بنام سفیان وغیرہ

اشتہار بنام: سفیان ولد کاشف محمود، کاشف محمود ولد طارق محمود ساکنان وانڈلہ دیال شاہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 05-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب محمد اویس ولد محمد ابراہیم قوم منہاس ساکن مکان نمبر 48 ٹیپو بلاک شالیمار ٹاؤن ضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام سیکرٹری میونسپل کارپوریشن قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس / مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 26-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: داراں بی بی (متوفیہ) زوجہ سجوارہ قوم موہل ساکن موضع اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ داراں بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ سجوارہ (بعد میں فوت شد)، صدی احمد، اکبر بی بی، صابراں بی بی، منیراں بی بی، شیماں، اللہ معافی، کریماں (کنواری پہلے فوت شد) دختران داراں بی بی اقوام موہل ساکنان اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت داراں بی بی (متوفیہ) کے وارثان کی بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوے بصورت دیگر انتقال داراں بی بی (متوفیہ) منظور کر لیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت ودستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

پرامن جدوجہد کر رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ امن صرف طاقت کے بل پر نہیں قائم ہو سکتا۔ بلکہ امن کا اصل راستہ محبت، انصاف، رواداری، اور انسانی برابری سے ہو کر گزرتا ہے۔ اگر دنیا کو واقعی پائیدار امن درکار ہے تو اسے ظالم اور مظلوم میں فرق کرنا ہوگا، اور مظلوم کے ساتھ کھڑے ہو کر عدل وانصاف کی بنیاد رکھنی ہوگی۔ *انہوں نے کہا کہ عالمی یومِ امن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ جنگیں قوموں کو تباہ کرتی ہیں، ترقی کو روکتی ہیں۔ امن خوشحال معاشروں کی بنیاد ہے۔ انصاف کے بغیر نہ فرد محفوظ ہے نہ ریاست، اور نہ ہی دنیا۔

بقیہ سحر 38

بھی باقاعدہ جانچ کی گئی۔ انتظامیہ کے مطابق پیمانوں کی پڑتال کے دوران پیمائش میں کمی سامنے آئی، جس پر اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے سخت برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ ضابطے کے تحت پٹرول پمپ کو فوری طور پر سربمہر کرنے کے احکامات جاری کیا اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے کہا کہ عوام کو ان کے ادا کردہ معاوضے کے عوض مقررہ مقدار میں پٹرول فراہم کرنا پٹرول پمپ مالکان کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ شہریوں کو کم مقدار میں پٹرول فراہم کر کے ان سے مکمل رقم وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں اور انتظامیہ ایسے کسی عمل کو برداشت نہیں کرے گی جس سے عوام کے حقوق متاثر ہوں انہوں نے کہا کہ ناپ تول میں کمی نہ صرف صارفین کے ساتھ زیادتی ہے بلکہ متعلقہ قوانین اور مقررہ پیمانوں کی خلاف ورزی بھی ہے انتظامیہ کی جانب سے دیپالپور تحصیل میں قائم تمام پٹرول پمپس کی نگرانی اور پیمانوں کی جانچ پڑتال کا عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو معیاری اور مقررہ مقدار میں پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکےفیصل شہزاد چیمہ نے واضح کیا کہ گرانفروشی، کم ناپ تول، پیمانوں میں ردوبدل یا صارفین کو کسی بھی طریقے سے نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے پٹرول پمپ مالکان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے پیمائشی آلات کو مقررہ قانونی معیار کے مطابق رکھیں اور صارفین کو پٹرولیم مصنوعات کی درست مقدار فراہم کریں انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ شہریوں کی شکایات کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فیلڈ میں مؤثر نگرانی کی جارہی ہے۔ شہری بھی اگر کسی پٹرول پمپ پر کم ناپ تول، زائد قیمت وصول کرنے یا کسی اور خلاف ورزی کا مشاہدہ کریں تو متعلقہ انتظامیہ کو بروقت اطلاع دیں تاکہ قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاسکےمقامی صحافتی حلقوں نے بھی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی شکایات پر انتظامیہ کی فوری کارروائی سے شہریوں کو ریلیف ملنے کے ساتھ ساتھ دیگر کاروباری مراکز کو بھی مقررہ قوانین اور معیار کی پابندی کا واضح پیغام ملتا ہےانتظامیہ کی جانب سے اس امر کا اعادہ کیا گیا ہے کہ عوام کے حقوق کے تحفظ، مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی اور ناپ تول میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے چیکنگ اور کارروائیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: اقصیٰ بی بی بنام محمد ارسلان

اشتہار بنام: محمد ارسلان ولد محمد الیاس سکنہ محلہ ستارہ کالونی چونگی امرسدھو لاہور کینٹ ضلع لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 02-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: نیلم ارم بنام عدیل اختر

اشتہار بنام: عدیل اختر ولد عظمت اللہ ساکن گاؤں پھلروان تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 08-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: آصفہ لطیف بنام محمد قاسم

اشتہار بنام: محمد قاسم ولد محمد شریف ساکن دربارکوٹ شہر ننکانہ صاحب تحصیل ننکانہ صاحب ضلع ننکانہ صاحب بنام مدعا علیہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 12-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب ربیعہ جمیل صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،

اپیل فیملی

صباء صدیق دختر محمد صدیق وغیرہ بنام زاہد محمود ولد نور عالم، نور عالم ولد کالے خاں ساکنان محلہ نئی آبادی گلی مولوی بشیر والی فیروز والہ روڈ تحصیل وضلع گوجرانوالہ

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: علی احمد صابر (متوفی) ولد بصارا قوم موہل ساکن اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ علی احمد صابر (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ شمیم اختر (طلاق یافتہ) کلثوم (دختر شمیم اختر)، مختاراں بی بی (بیوہ)، ارسلان علی، خاور پسران، نسیم بی بی، نادیہ بی بی دختران علی احمد صابر اقوام موہل ساکنان اسداللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت علی احمد صابر (متوفی) کے وارثان کی بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوے بصورت دیگر انتقال علی احمد صابر (متوفی) منظور کر لیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت ودستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

بقیہ سحر 1

امیر جماعت اسلامی نے وزیر اعظم کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی دھرنا مؤخر کرنے پر غور کر رہی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے وزیر اعظم کے دورے کے بعد ملاقات کرنے اور اس امر پر مزید مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا دریں اثناء جماعت اسلامی نے لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ موخر کرنے کی درخواست کی، وزیر اعظم نے ہمیں ملاقات کی دعوت دی، ان سے ملاقات ضرور کریں گے،

بقیہ سحر 2

وسطیٰ کی بدلتی صورتحال پر بھی بات چیت کی۔ اس موقع پر مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے علاقائی امن، توانائی کی فراہمی اور عالمی معیشت پر اثرات کا جائزہ لیا گیا، ترقی پذیر ممالک پر علاقائی صورتحال کے معاشی اثرات بھی زیر بحث آئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق لیبیا کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی تعمیری سفارتی کوششوں کی تعریف کی، اسحاق ڈار نے علاقائی چیلنجز کے حل کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کو واحد قابل عمل ذریعہ قرار دیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریق علاقائی استحکام کے فروغ کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔

بقیہ سحر 3

پر دونوں ملکوں نے معاہدے پر دستخط کئے۔ اسحاق ڈار کا کہنا ہے باہمی مفاد میں برادر ملکوں کی شراکت داری بڑھے گی، مقصد اعلیٰ سطح روابط اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ویزا شرائط کے خاتمے سے دوطرفہ سرکاری سطح پر آمدورفت آسان ہوگی۔

بقیہ سحر 4

کے حوالے سے ہمدردی کا پیغام بھیجا۔ اپنے پیغام میں وانگ ای نے کہا کہ چین اس حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ گہری تعزیت اور زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ وانگ ای نے نشاندہی کی کہ چین ہر قسم کی دہشت گردی کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور ہمیشہ کی طرح دہشت گردی پر کاری ضرب لگانے اور قومی سلامتی اور استحکام کے تحفظ کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ سحر 5

کا مطالبہ کر دیا۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجا ناصر عباس نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جب بھی مذاکرات کے لیے تیار ہو، ہماری جانب سے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بحران سے نکالنے کے لیے سنجیدہ اور بامعنی مذاکرات ناگزیر ہیں،

بقیہ سحر 6

کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ جنید اکبر نے اپنے بیان کے ذریعے عوام کو اسلام آباد آنے پر اکسایا اور اشتعال دلایا، جو اسلام آباد ہائیکورٹ کے 14 ستمبر کے فیصلے کی مبینہ خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ جنید اکبر کا بیان عدالتی فیصلے کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے، لہذا عدالت ان کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی شروع کرے۔ درخواست گزار نے موقف کی تائید میں سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا حوالہ بھی دیا ہے جس میں نہال ہاشمی کو ایک ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی۔

بقیہ سحر 7

سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کے لیے بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں متعدد اعلیٰ سطح کے اجلاسوں میں شرکت کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کو درپیش موسمیاتی خطرات، قدرتی آفات سے نمٹنے کی ترجیحات، ڈیجیٹل تبدیلی و ٹوکنائزیشن کے مواقع اور موسمیاتی وعدوں کو عملی اور قابل سرمایہ کاری اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور اس حوالے سے پاکستان کے موقف کو اجاگر کیا۔

بقیہ سحر 8

، ٹرانسپورٹیشن، اسٹوریج اینڈ مارکیٹنگ رولز، 2016 میں ترمیم، اوگرا آرڈیننس، 2002 کے سیکشن 30 میں ترمیم، وفاقی پبلک سروس کمیشن آرڈیننس، 1977 میں ترمیم اور پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنانے سمیت متعدد قانونی تجاویز و مسودات کی منظوری دے دی۔

بقیہ سحر 9

تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گزشتہ روز اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کی ملاقات نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی، پاکستان اور مصر کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے تجارت،

بقیہ سحر 10

ملازمین دفاتر اور 50 فیصد گھر سے کام کریں گے، ملازمین کیلئے گھر سے کام کے دوران ٹیلی فون، ای میل اور واٹس ایپ پر دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر پہنچنا ہوگا، گھر سے کام کرنے والے 50 فیصد ملازمین ڈائٹ الانس اور اوورٹائم چارجز کے حقدار نہیں ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کر دی گئی ہے

بقیہ سحر 11

سے آگاہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور ملک اور عوام کے تحفظ کے لیے افسران و جوانوں کی ثابت قدمی کو سراہا۔

بقیہ سحر 12

۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام (ای ایف ایف) کے تحت قرض کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات دو ہفتے جاری رہیں گے۔ آئی ایم ایف کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ سحر 13

اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ ریاست پاکستان نے 2019 میں سکھ قوم کو کرتار پور راہداری کا تحفہ دیا۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق اور ان کی آزادی کی بات کرتا ہے، پاکستان کا آئین ہر شہری کو مکمل مذہبی آزادی فراہم کرتا ہے۔ قائم مقام جتھیدار اکال تخت صاحب بھارت سردار گیانی کلدیپ سنگھ گرگج نے کہا کہ سکھ برادری کرتار پور صاحب کی زیارت کے لیے راہداری کھولنے کی خواہاں ہے۔ سردار گیانی کلدیپ سنگھ گرگج نے کہا کہ راہداری کھلنے سے دونوں ممالک کے درمیان ماحول خوشگوار اور بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرتار پور راہداری مذہبی رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور سکھ برادری سے پاکستان کی وابستگی کی علامت ہے۔

بقیہ سحر 14

زیرو ٹالرنس ہوگی۔ ایک نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ جنید اکبر کے بیان سے ظاہر ہو گیا کہ یہ اسلام آباد پر یلغار تباہی مچانے کے لیے کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحریک انصاف کو روکنے کے لیے جو تھوڑی بہت گنجائش دی جا سکتی تھی وہ اب ختم ہو گئی ہے۔

بقیہ سحر 15

آئیسکو کے 51 سے 100 فیصد تک شیئرز کے حصول میں دلچسپی ظاہر کی۔ ترجمان نجکاری کمیشن کا کہنا ہے کہ ترکیہ کی 3 توانائی کمپنیوں نے آئیسکو کی نجکاری میں اظہار دلچسپی جمع کروا دیا، پاکستان کے کاروباری گروپس نے بھی آئیسکو کی نجکاری کے عمل میں دلچسپی لی ہے۔ مشیر نجکاری محمد علی کا کہنا ہے کہ آئیسکو کیلئے سرمایہ کاروں کا بھرپور ردِعمل ڈسکوز کی نجکاری میں اہم سنگِ میل ہے، سرمایہ کاروں کا ردِعمل پاکستان کے بجلی تقسیم کے شعبے میں موجود امکانات پر اعتماد کا عکاس ہے۔

بقیہ سحر 16

، خودکش جیکٹ میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے مرکز کا تعین کر کے دھماکا خیز مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا، دھماکے کے گڑھے کا ظاہری قطر 6.6 فٹ بائی 11 فٹ اور گہرائی 4.6 فٹ تھی۔ دھماکا خیز مواد کی مجموعی مقدار 869 کلوگرام تھی، دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت بھی ہو گئی، اسپیشل برانچ کی عمارت کے اندر سے غیر پھٹا ہوا دھماکا خیز مواد برآمد ہوا ہے۔

بقیہ سحر 17

تک پہنچ گئی ہے۔ اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا کہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے یہ اشاریے سال کی بلند ترین ماہانہ سطح کو ظاہر کرتے ہیں۔ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں چین، کینیڈا اور متحدہ عرب امارات نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منافع کی واپسی میں کمی کے باعث بھی براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بہتری آئی ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے بڑھتے رجحان اور معاشی سرگرمیوں میں بہتری کی عکاسی ہے۔

بقیہ سحر 18

تاجروں کے مطالبے پر عمل کر کے اپنا وعدہ پورا کیا ہے اور اب دکانداروں نے اپنی ہی تیار کردہ سکیم کو کامیاب بنانا ہے۔ انہوں نے یہ بات دکانداروں کے لئے آسان ٹیکس سکیم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں آسان ٹیکس سکیم کے سلسلے میں آگاہی مہم تیز کرنے، ملک بھر میں ٹیکس کمشنرز کو مقامی ٹیکس بارز سے رابطوں کی ہدایت جبکہ دکانداروں کی جانب سے اپنے اعتماد کے وکلا سے فارم بھرنے کی سہولت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 19

فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دونوں کانسٹیبلز کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔

بقیہ سحر 20

تعاون اجلاس بھی شامل ہے۔ اسحاق ڈار نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں بتایا کہ نیویارک میں ان کی مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی اور سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں بھی ہوئی ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر خارجہ سے ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط بھی کیے گئے جس کے تحت دونوں ممالک کے درمیان سرکاری، خصوصی اور ڈپلومیٹک پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزہ کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب پاکستان اور مصر کے وزرائے خارجہ کے درمیان ملاقات میں مشرق وسطیٰ اور ایران کی موجودہ صورتحال سمیت علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ سحر 21

سربراہی میں CPLA نمبر 372-P/2019 سمیت دیگر مقدمات کے فیصلے میں مسلم نکاح، حق مہر اور نکاح نامہ سے متعلق اہم قانونی اصول وضع کیے۔ بینچ میں جسٹس عرفان سعادت خان، جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شاہد بلال حسن شامل تھے جبکہ مقدمات کی سماعت 8 جولائی 2026 کو ہوئی۔

بقیہ سحر 22

۔ منگل کو ترجمان مذہبی امور کے مطابق حج واجبات کی دوسری قسط اکتوبر میں وصول کی جائے تاہم دوسری قسط کی ادائیگی سے قبل ہی ستمبر میں میڈیکل فارم اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔ میڈیکل فارم حج پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 23

ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی آمد ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی اور فرانس کے سفیر کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی سلامتی اور دفاع و سکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں فیلڈ مارشل نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دفاعی و سکیورٹی تعاون کو مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 24

علاقے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا۔ ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 25

21 سے 27 ستمبر تک ملک کے 115 منتخب اضلاع میں ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم جاری ہے، جس کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زیادہ بچوں تک رسائی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ مثبت ماحولیاتی نمونوں میں کمی خوش آئند ہے، تاہم پولیو کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، جب تک پولیو وائرس دنیا کے کسی بھی حصے میں موجود ہے،

بقیہ سحر 26

علیمہ خان کے بیٹے شاہ زیر کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ علیمہ خان کی جانب سے بیرسٹر تیمور اور عرفان کلار ایڈووکیٹ پیش ہوئے، بعد ازاں وکیل رانا مدثر عمر نے بھی عدالت میں دلائل دیئے ۔وکیل نے موقف اختیار کیا کہ علیمہ خان کی نظر بندی کا معاملہ دیگر کیسز سے مختلف ہے، ایک ہی تاریخ کو ڈی آئی سی ہوئی اور اسی تاریخ کو نظر بندی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔

بقیہ سحر 27

میں 17 غیر ملکی بھی شامل ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ کال سینٹر سے غیر اخلاقی ایپلیکیشن اور بھارت، برازیل سے فنانشل اسکیم کے بھی شواہد ملے ہیں۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق کال سینٹر سیل کر کے تمام ڈیٹا اور گیجٹ قبضے میں لے لیے ہیں۔ ترجمان این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں تمام غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

بقیہ سحر 28

چٹھہ کی جانب سے دائر ضمانت کی درخواستیں وکالت نامے نہ ہونے کی وجہ سے واپس کر دی گئیں۔ اے ٹی سی جج طاہر عباس سپرا نے سماعت کی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی لیگل ٹیم نے اڈیالہ جیل حکام کے خلاف درخواست دائر کر دی۔ وکلا کے مطابق اڈیالہ جیل حکام نے وکالت ناموں پر دستخط کرا کے دینے سے انکار کیا، جس کی وجہ سے ضمانت کی درخواستیں دائر نہیں ہو سکیں۔

بقیہ سحر 29

میں ہر سال خیبر پختونخوا حکومت کو حصہ دیا جاتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ کاؤنٹر ٹیررازم کی مد میں این ایف سی میں ہر سال حصہ جاتا ہے، این ایف سی شروع ہوئے 2010 سے اب 16 سال ہو گئے ہیں، ڈیڑھ سو ارب سے اوپر کی رقم لا اینڈ آرڈر میں کہاں لگی، کوئی بتا سکتا ہے؟ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پچھلے ساڑھے 13 سال میں ٹمبر، ٹوبیکو اور منرلز کے ٹھیکے کن لوگوں کو ملے؟ مسئلہ نیت کا ہے، نیت ٹھیک ہوگی تو کام ہو جائیں گے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ کہتے ہیں ہمارا مینڈیٹ قیدی کو رہا کرانا ہے، ڈویلپمنٹ مینڈیٹ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں کہ شہریوں کی آمدورفت میں کوئی خلل نہیں ڈالا جائے گا، ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے نوجوانوں کی غلط ذہن سازی کی۔

بقیہ سحر 30

عمل درآمد ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ 31 دسمبر تک ریلوے میں ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کا اجرا معطل کر دیا۔ وزیر ریلوے کے مطابق افسر یا ملازم کو ہاس بلڈنگ ایڈوانس جاری نہیں ہوگا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ وزیر ریلوے نے افسران و ملازمین کے بیرونِ ملک سرکاری دوروں پر بھی پابندی لگا دی ہے۔

بقیہ سحر 31

ہیں، پی ٹی آئی کے ارکن اور کارکن بانی سے کرپشن کا سوال کریں۔

بقیہ سحر 32

ہوگا، ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، ویسے ہم ان کی اسٹریٹ پاور کا اندازہ لاہور اور وزیر آباد کی گلیوں سے لگا چکے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کی تاریخ 26 نومبر اور 9 مئی ہے، اب چڑھائی ہوئی تو ایسے روکیں گے کہ آئندہ کوئی سوچے گا بھی نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم کے بعد احتجاج اور چڑھائی نہ کرنا لازم ہے،

بقیہ سحر 33

میں فوری کمی کے لیے اہم احکامات جاری کر دیے ہیں، ان اقدامات کا مقصد دستیاب سرکاری وسائل کا مؤثر اور منصفانہ استعمال یقینی بنانا ہے۔ وزارت ریلوے کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے میں 31 دسمبر 2026 تک ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کے اجرا کو مکمل طور پر معطل کر دیا گیا ہے

بقیہ سحر 34

مطابق کارکنوں کی 14 سے 16 ستمبر تک کی سرگرمیوں کا ریکارڈ شامل کر کے گرفتاری کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فہرست میں شامل کارکنان دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود ریلی کی سہولت کاری اور کارنر میٹنگز کرتے رہے جبکہ 27 ستمبر اسلام اباد دھرنے کی منصوبہ بندی بھی کی جاتی رہی۔ سیاسی جماعت کے کارکنان کی 32 گاڑیاں دفعہ ایک سو چوالیس کی خلاف ورزی کیلئے استعمال ہوتی رہیں، کارکنان کو گرفتار کیا جائے گا اور گاڑیاں ٹریس کر کے بند کی جائیں گی۔

بقیہ سحر 35

ہے۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے اس دلخراش واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی اور فتن الہندوستان کو براہ راست ذمہ دار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ فتن الہندوستان نے نوشکی میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا ہے۔

بقیہ سحر 36

سیاست، ثقافت اور سائنس میں مشترکہ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہے۔ واضح رہے کہ محسن نقوی کی ایرانی وزارت داخلہ آمد ہوئی، سکندر مومنی سے ملاقات ہوئی، پاک ایران دوطرفہ تعلقات اور خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، مختلف شعبوں میں جاری دوطرفہ تعاون پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ سکندر مومنی نے علاقائی امن و استحکام کیلئے وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں پر شکریہ ادا کیا، انہوں نے کہا کہ خطے میں قیام امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کاوشوں پر شکر گزار ہیں، پاکستان کا حالیہ دورہ بہت مفید رہا۔ محسن نقوی نے کہا تھا کہ آنے والے وقت میں دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔

بقیہ سحر 37

حق اسکوائر پر بھی پکٹس قائم کر دی گئی۔ پولیس پکٹس پر 12، 12 گھنٹوں کی دو شفٹوں میں 24 گھنٹے اہلکار تعینات کیے گئے۔ راولپنڈی ریڈ زون کو 4 سیکٹرز میں تقسیم کر کے 24 گھنٹے مسلسل موبائل پولیس گشت کا بھی انتظام کیا گیا۔ پولیس کے ساتھ ایلیٹ کمانڈوز بھی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں، مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک بھی اہم مقامات پر سکیورٹی بڑھا دی گئی۔ ڈولفن فورس کو بھی مخصوص علاقوں میں 24 گھنٹے پٹرولنگ کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ پولیس پکٹس اور پٹرولنگ پر تعینات اہلکاروں کو ڈیوٹی پر مستعد رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ریڈ زون کی سکیورٹی کی نگرانی ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کریں گے، کمانڈ اینڈ کنٹرول کی ذمہ داری سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا خود سر انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ سحر 38

کی تین روزہ تقریبات آخری اور تیسرے روز بھی اری رہے جہاں مذہبی رسومات، عبادات اور یاتریوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ دنیا بھر سے آئے یاتری دربار پر حاضری اور عبادات میں مصروف رہے۔ لنگر ہال میں یاتریوں کے لیے مختلف کھانوں اور چائے کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ دو روزہ قیام کے بعد یاتری تقریبات کے اختتام پر واپس روانہ ہوئے تاہم بھارتی یاتری راہداری نہ کھلنے کے باعث کرتار پور نہ پہنچ سکے۔ یاتریوں نے بہترین انتظامات پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ سحر 39

لائنز پر بھاری جرمانے عائد کر دیئے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے سامان کی ترسیل میں تاخیر پر ایئر لائنز کے خلاف کارروائی کی ہے، یکم جولائی سے 15 اگست 2026 تک سامان کی ترسیل میں تاخیر کے 19 کیسز سامنے آئے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق سامان کی ترسیل میں تاخیر پر 8 ایئر لائنز کو مجموعی طور پر 16 لاکھ 20 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ پی اے اے کے مطابق ایئر لائنز کو سامان کی بروقت ترسیل یقینی بنانے کا پابند کیا جا رہا ہے، ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار کی مسلسل نگرانی جاری ہے، سروس اسٹینڈرڈز پر عملدرآمد نہ کرنے والی ایئر لائنز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 40

کے 15 دن کے اندر متعلقہ چیف کلکٹر کے سامنے اپیل دائر کر سکے گا۔ چیف کلکٹر فریق کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اپیل دائر ہونے کے 60 دن کے اندر فیصلہ کرے گا۔ ایف بی آر نے یہ ترامیم کسٹمز ایکٹ 1969، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، وفاقی ایکسائز ایکٹ 2005 اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کی ہیں جبکہ ترامیم کو پہلے ایس آر او 1158(1)/2026 مورخہ 10 ستمبر 2026 کے ذریعے شائع کیا گیا تھا اور اب ایس آر او 1631(1)/2026 کے ذریعے مزید ترامیم کی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 41

حکام سے رابطہ کیا ہے، انہوں نے جون میں امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے اسلام آباد مفاہمتی معاہدے میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان سمیت دیگر علاقائی ممالک نے اس وقت مذاکراتی عمل میں کردار ادا کیا تھا، امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ سحر 42

کے کان میں یہ بات ڈالی تھی کہ خیبر پختونخواہ اسمبلی تحلیل کر دی جائے، خیبر پختونخوا کی قیادت نے اس فیصلے کی مخالفت کی تھی تاہم بعد میں فواد چوہدری اور پنجاب کی دیگر قیادت نے بھی عمران خان کو اسمبلی تحلیل کرنے پر آمادہ کر لیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اسمبلی تحلیل کرنے کا سب سے زیادہ نقصان تحریک انصاف کو ہوا، ہم چاہتے تھے کہ اگر اسمبلیاں تحلیل کرنا ضروری ہیں تو پہلے پنجاب اسمبلی تحلیل کی جائے، وہاں انتخابات کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے بعد میں خیبر پختونخواہ اسمبلی تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا جاتا لیکن ہماری ایک نہ سنی گئی۔ محمود خان نے کہا کہ 16 جولائی 2023 کو عمران خان کے ساتھ ان کا آخری رابطہ ہوا تھا، عمران خان نے انہیں پارٹی نہ چھوڑنے کا کہا

بقیہ سحر 43

کہ مالی شمولیت کے لیے صرف ٹیکنالوجی نہیں، مؤثر نظام اور قواعد بھی ضروری ہیں، دنیا میں 1.3 ارب نوجوان اب بھی مالیاتی نظام سے باہر ہیں جبکہ مالیاتی نظام سے باہر تقریباً 90 کروڑ افراد کے پاس موبائل فون موجود ہیں۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے واضح ریگولیٹری فریم ورک قائم کر دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، پاکستان ٹیکنالوجی کا صرف صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے آج کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ہوگا۔

بقیہ سحر 44

کا دن بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا تھا۔ پاکستان اور لاہور کے دفاع کے لیے لڑی جانے والی اس جنگ میں 'معرکہ ڈوگرائی' کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ پاک آرمی کی پنجاب رجمنٹ سے تعلق رکھنے والی ایک مایہ ناز یونٹ نے 106 شہیدوں کے خون سے دشمن کا لاہور پہ قبضے کا خواب چکنا چور کیا۔ اس رجمنٹ نے دشمن کے 18 حملوں کو صرف دو کمپنیوں کی مدد سے پسپا کیا۔ 106 شہیدوں کی قربانی پاکستان کے عزم اور حوصلے کی عظیم مثال ہے۔ لاہور چھاؤنی میں واقع ان شہداء کی یادگار گنج شہیداں کے نام سے موجود ہے۔

بقیہ سحر 45

کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی انسدادِ دہشت گردی کی کوششوں کی بھرپور حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 46

اسٹیٹکس (پی بی ایس) کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ہفتہ وار حساس قیمت اشاریے (ایس پی آئی) کے تحت گزشتہ ماہ کے آخری ہفتے کی اوسط قومی ریٹیل قیمت میں سے 25 روپے فی کلوگرام کر کے مقرر کی جائے گی تاہم 25 روپے فی کلو کی یہ رعایت صرف ان رجسٹرڈ افراد کو حاصل ہوگی جو ایف بی آر کے ڈیجیٹل انوائسنگ اور پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوں۔

بقیہ سحر 47

کی جانب سے درج ایف آئی آر میں ایف بی آر افسران اور سگریٹ کمپنی کے اہلکار کو نامزد کیا گیا ہے، ملزمان پر اختیارات کے ناجائز استعمال، غفلت اور ملی بھگت کے الزامات لگے ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق گودام میں اسٹاک رجسٹر، سی ٹی وی اور نقل و حرکت کا ریکارڈ دستیاب نہیں تھا، تفتیش میں مزید ایف بی آر افسران اور دیگر افراد کے کردار کا تعین کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 48

کا تبادلہ ہوا۔ کنسٹرکشن کمپنی کے اہلکاروں کی فائرنگ سے مقامی شہری جاں بحق متعدد افراد زخمی ہو گئے، کنسٹرکشن کمپنی کے اہلکاروں کی فائرنگ کے خلاف اہل علاقہ نے شدید احتجاج کیا۔ اہل علاقہ نے لاش موٹر وے پر رکھ کر مصری بانڈہ کے مقام پر موٹروے دونوں اطراف سے بلاک کر دی، مظاہرین نے ملزموں کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہے، ملزموں کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔

بقیہ سحر 49

تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ایسے نظام پر کام کر رہی ہے جس کے تحت متعلقہ ادارے ایک دوسرے سے ڈیٹا طلب کرنے کے بجائے قانوناً اور خودکار طریقے سے معلومات شیئر کریں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مختلف اداروں کے درمیان ڈیٹا کے تبادلے کے لیے ایک ورچوئل پلیٹ فارم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلیشیئرز اور پانی کے نظام سے متعلق امور وزارت آبی وسائل کے دائرہ کار میں آتے ہیں،

بقیہ سحر 50

خیز مواد استعمال ہوا۔ رپورٹ کے مطابق اسپیشل برانچ عمارت کے اندر سے غیر پھٹا ہوا دھماکا خیز مواد برآمد ہوا۔ گرانڈ فلور سے 2 آئی ای ڈیز جبکہ پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، جس میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں۔ کلیرنس آپریشن کے بعد علاقے کو محفوظ اور کنٹرولڈ قرار دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے بعد حملہ آوروں نے پرانا پولیس لائنز کوہاٹ میں داخل ہو کر مسلح حملہ کیا اور اسپیشل برانچ بلاک میں مضبوط مورچہ زن ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق 18 ستمبر کو پرانا پولیس لائنز کوہاٹ میں دھماکا ہوا تھا۔

بقیہ سحر 51

ہو کر تقریباً چار کمروں پر مشتمل دفتر کے دروازے کو توڑ دیا اور عمارت کو آگ لگا دی، جبکہ مختلف سمتوں میں اندھا دھند فائرنگ بھی کی گئی۔ حملے کے دوران پاکستان کسٹمز کے سپاہی محمد سراج کے دائیں بازو پر گولیاں لگنے سے وہ زخمی ہو گئے۔

بقیہ سحر 52

کے کان میں یہ بات ڈالی تھی کہ خیبر پختونخواہ اسمبلی تحلیل کر دی جائے، خیبر پختونخوا کی قیادت نے اس فیصلے کی مخالفت کی تھی تاہم بعد میں فواد چوہدری اور پنجاب کی دیگر قیادت نے بھی عمران خان کو اسمبلی تحلیل کرنے پر آمادہ کر لیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اسمبلی تحلیل کرنے کا سب سے زیادہ نقصان تحریک انصاف کو ہوا، ہم چاہتے تھے کہ اگر اسمبلیاں تحلیل کرنا ضروری ہیں تو پہلے پنجاب اسمبلی تحلیل کی جائے، وہاں انتخابات کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے بعد میں خیبر پختونخواہ اسمبلی تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا جاتا لیکن ہماری ایک نہ سنی گئی۔ محمود خان نے کہا کہ 16 جولائی 2023 کو عمران خان کے ساتھ ان کا آخری رابطہ ہوا تھا، عمران خان نے انہیں پارٹی نہ چھوڑنے کا کہا

بقیہ سحر 53

اہلخانہ ہمارا خاندان ہیں، کسی طور تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ آئی جی پی شہداء کے خون کا کوئی قطرہ رائیگاں نہیں جائے گا، امن دشمنوں کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔ آئی جی پی۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار آج کوہاٹ لائنز مسجد پر حملے میں شہید ایس پی ٹریفک اکبر خان شنواری کی رہائش گاہ واقع لونڈ خوڑ مردان گئے۔

بقیہ سحر 54

لیے معاہدہ شدہ سبسڈی کی مجموعی مالیت 14 ارب روپے سے زائد ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری منصوبہ جاتی اعداد و شمار کے مطابق 15 منصوبوں کی مجموعی ہدفی آبادی 3,656,923 ہے جبکہ معاہدہ شدہ سبسڈی 14.008 ارب روپے بنتی ہے۔ کرم منصوبے پر 75 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جو فہرست میں شامل منصوبوں میں سب سے زیادہ شرح تکمیل ہے۔

بقیہ سحر 55

جبکہ تمام تعمیراتی کارروائیوں کی ذمہ داری انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب (آئی ڈیپ) کے سپرد کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے اس میگا ہیلتھ پروجیکٹ کے تحت ایل ڈی اے سٹی میں متعدد تخصصی طبی مراکز کی تعمیر کی جائے گی۔

بقیہ سحر 56

ملزمان نامزد کیے گئے، مقدمہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے محمد سفیر احمد کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ مقدمے میں انسپکٹر کامران، انسپکٹر نوید، ڈرائیور، سکیورٹی گارڈ اور نائب قاصد نامزد کیے گئے، نجی کمپنی کے 2 ڈائریکٹرز اور منیجر بھی مقدمے میں نامزد، گرفتاریوں کیلئے چھاپے مارے گئے۔

بقیہ سحر 57

پیغامات کے اسکرین شاٹس سامنے آ گئے۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش اسکرین شاٹس نے طالبات کے تحفظ پر سوالات اٹھا دیئے۔ طالبہ نے لیکچرار پر مبینہ ہراساں کرنے اور نامناسب واٹس ایپ پیغامات بھیجنے جبکہ ملاقات کے لیے مبینہ دبا اور انکار پر تعلیمی نقصان کی دھمکی دینے کا الزام لگایا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش واٹس ایپ اسکرین شاٹس میں استاد کی جانب سے طالبہ کو نمبرز اور گریڈز کا لالچ دے کر ہراساں کیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 58

فیول سبسڈی دی جا رہی ہے۔ پنجاب بھر میں مختلف انسپکشن ٹیمیں پٹرول پمپس کے فزیکل وزٹ کر رہی ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ وزیر اعظم فیول سبسڈی کی فراہمی کا تمام نظام آن لائن ہے۔ عوامی آگاہی کے لیے تمام پٹرول پمپس پر بینرز آویزاں کر دیے گئے ہیں جبکہ عوام کی رہنمائی کے لیے تمام پٹرول پمپس پر ہیلپ ڈیسک بھی قائم ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ خود کو رجسٹرڈ کروا کر وزیر اعظم فیول سبسڈی سے استفادہ کریں۔

بقیہ سحر 59

عالمی خریدار شرکت کریں گے۔ چیئرمین پی سی ایم ای اے میاں عتیق الرحمٰن اور چیئرمین ایگزیبیشن ریاض احمد نے بتایا کہ نمائش میں ملک بھر سے ہاتھ سے بنے قالینوں کے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان اپنے مصنوعات کی نمائش کریں گے اور اس حوالے سے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

بقیہ سحر 60

کی انسپیکشنز کیں۔ انہوں نے بتایا کہ پرائس کنٹرول کارروائیوں کے دوران خلاف ورزیوں پر 1 کروڑ 14 لاکھ 95 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے اور اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیوں میں 75 مقدمات درج کر کے 334 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

بقیہ سحر 61

عدالت میں پیش ہوئے جبکہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل محمد نوید شیخ اور اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر بھی پیش ہوئے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے سی سی پی او سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ کیا بات ہے آپ کو بلانا چھوڑ دیا تو آپ کا عدالتوں کے ساتھ ایسا رویہ ہو گیا، اگر آپ اس عدالت کے ساتھ ایسا کر رہے ہیں تو باقی عدالتوں کے ساتھ کیا کرتے ہوں گے۔

بقیہ سحر 62

لینڈ یوز پلان کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی، جبکہ لینڈ یوز پلاننگ کنسلٹنٹ نے مجوزہ پلان کے خدوخال اور مستقبل کی شہری ضروریات کے حوالے سے تفصیلات پیش کیں۔ محکمہ ہاؤسنگ کے ترجمان کے مطابق رنگ روڈ کے اطراف لائٹ اور ہیوی انڈسٹریل زونز قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جبکہ رہائشی اور کمرشل علاقوں کے درمیان اربن فاریسٹ کے ذریعے گرین بفر زون قائم کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔

بقیہ سحر 63

کی مرمت و بحالی اور اسفالٹ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اجلاس میں فیروزپور روڈ کی ری ویمپنگ کے منصوبے بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ ایل ڈی اے رنگ روڈ سے کینال بینک روڈ تک سڑک کے دونوں اطراف 15 کلومیٹر ایریا کی اربن ریجنریشن کے تحت کام کرے گا۔

بقیہ سحر 64

سربراہان اور پرنسپلز سے طلباء کے ڈیٹا کی تصدیق کرائیں گے۔ ترجمان کے مطابق طلباء کا ڈیٹا سرکاری ریکارڈ کے مطابق چیک کرنا لازم قرار دیا گیا ہے جبکہ ای بائیک کے لئے صرف زبانی معلومات یا غیر مصدقہ دعوے کی بنیاد پر تصدیق نہیں کی جائے گی۔ ویری فکیشن کے دوران تمام ممکنہ غلطیوں اور تضادات کی نشاندہی کرنا بھی لازمی ہوگی۔ حکام نے ای بائیک ویری فکیشن کا عمل مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ سحر 65

پر صوبے کا مقدمہ پیش کیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ میں سینیٹ کمیٹی میں اپنے صوبے کا مقدمہ لے کر آیا ہوں، خیبر پختونخوا کئی اہم شہروں سے فضائی طور پر منقطع ہے۔ انہوں نے کہا کہ فضائی رابطوں میں بہتری سے خیبر پختونخوا میں سیاحت اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا

بقیہ سحر 66

کے مطابق ریسکیو کنٹرول روم کو شاہ عالم مارکیٹ میں راجہ جیولرز، فاطمہ مارکیٹ کے پاس واقع پلازہ میں آتشزدگی سے متعلق ایمرجنسی کال موصول ہوئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ آگ پلازہ کی چوتھی منزل پر لگی ہے جہاں دھوئیں کے باعث امدادی ٹیموں کو پیش رفت میں دشواری کا سامنا ہے۔ ریسکیو فائر فائٹرز اور امدادی اہلکار نچلی منزلوں پر موجود افراد کی تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے آگ پر قابو پانے کے لیے مسلسل نبرد آزما ہیں۔ فوری طور پر آتشزدگی کی وجہ اور مالی نقصان کا تخمینہ نہیں لگایا جا سکا، تاہم فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کی جانب سے کولنگ اور آگ پر مکمل قابو پانے کا عمل جاری ہے۔

بقیہ سحر 67

ارشاد سوڈھر، ایس پی ایچ ایس کے سی ای او خالد شیخ، ڈبلیو ایف پی سندھ کے صوبائی دفتر کے سربراہ محمد الخولی، اسکول میلز سندھ کی سربراہ کیٹلن رنیان گلیس، غذائیت کی سربراہ سلمٰی یعقوب اور پروگرام پالیسی افسر عمر فاروق خان نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 68

کارروائیاں کرتے ہوئے خواتین اور بچوں پر تشدد اور جنسی زیادتی کی کوشش میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق تمام گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے انہیں انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 69

۔ اس موقع پر ایم پی اے علی امتیاز وڑائچ، اویس یونس سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنما اور کارکنان حاضری کے لیے عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے مقدمے کا ریکارڈ پیش کرنے کے لیے مہلت طلب کی، جس پر عدالت نے آئندہ سماعت پر مقدمے کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں 9 اکتوبر تک توسیع کر دی۔

بقیہ سحر 70

ورزیوں کے مرتکب ڈرائیورز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق رواں سال مہلک حادثات میں ملوث 1,800 ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں بھی 150 سے زائد ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کیے گئے جبکہ سنگین نوعیت کی ٹریفک خلاف ورزیوں پر 414 ڈرائیورز کے لائسنس معطل کیے گئے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ مہلک حادثات میں ملوث 46 پی ایس وی ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کیے گئے۔ اسی طرح رواں سال 58 ایچ ٹی وی اور 43 ایل ٹی وی ڈرائیورز کے لائسنس بھی منسوخ کیے گئے ہیں۔ 200 سے زائد کار اور موٹر سائیکل ڈرائیورز کے ڈرائیونگ لائسنس بھی منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ ون وے کی خلاف ورزی، اوور اسپیڈنگ، ریش ڈرائیونگ اور ون ویلنگ جیسی سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں پر ڈرائیونگ لائسنس معطل کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر ذمہ دارانہ اور خطرناک ڈرائیونگ ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ سحر 71

کر دیئے۔ ترجمان کے مطابق وزیر اعظم کے کفایت شعاری اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے وزارتِ ریلوے میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ 31 دسمبر 2026ء تک پاکستان ریلوے میں ہاؤس بلڈنگ ایڈوانس (ایچ بی اے) قرضوں کا اجراء معطل کر دیا گیا۔

بقیہ سحر 72

پٹیشن مرکزی انجمن تاجران کے رہنما اختشام الحق نے دائر کی، جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ کاروبار پہلے ہی تباہ ہیں، ایسے میں ہوٹلز کی غیر معینہ مدت تک بندش ناقابل قبول ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ ہوٹلز، موٹلز اور ریسٹ ہاسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کو غیر قانونی قرار دیا جائے۔ پٹیشن میں موقف اپنایا گیا کہ انتظامیہ اور پولیس زبانی احکامات کے ذریعے ہوٹلز بند کرا رہی ہے۔ عدالت نے پٹیشن سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ سحر 73

کی روشنی میں نمٹا دی۔ جسٹس خالد اسحاق نے شہری محمد سلیم اکبر سکھیرا کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت سیکرٹری صحت پنجاب عدالت میں پیش ہوئے اور حکومت کی جانب سے سی ٹی اسکین مشینوں کی خریداری کے حوالے سے وضاحت پیش کی۔

بقیہ سحر 74

ٹیوٹا اور ووکیشنل ٹریننگ کونسل کے انضمام میں بڑی مالی اور قانونی رکاوٹ سامنے آ گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق ٹیوٹا اور ووکیشنل ٹریننگ کونسل کی تنخواہیں یکساں کرنے پر اربوں روپے کا اضافی بوجھ پڑ سکتا ہے۔ دونوں اداروں کے سروس رولز، ترقی کے معیار اور تنخواہی ڈھانچے الگ ہیں۔

بقیہ سحر 75

بین الاقوامی ماہرین تعلیم، محققین اور اساتذہ، تحقیق، تدریس، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق موضوعات پر اپنے تحقیقی مقالے اور تجربات پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ سحر 76

لیا جائے۔ سیکرٹری بلدیات نے کہا کہ ویسٹ کلیکٹ کرنے والی گاڑیوں کی مؤثر نگرانی کے لیے ان کے روٹس فکس کیے جائیں۔ دیہات میں کنٹینرز کی لوکیشن ٹریک کرنے کے لیے جیو ٹیگنگ کا دائرہ کار بھی وسیع کیا جائے۔

بقیہ سحر 77

کے اکاؤنٹس میں بونس کی رقم کی ادائیگی کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے ملک میں درپیش سخت معاشی حالات کے پیش نظر تمام سرکاری، نیم سرکاری محکموں اور خودمختار اداروں کو اپنے سالانہ اخراجات میں واضح کمی لانے اور اضافی مراعات پر پابندی کی سخت ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔ تاہم حکومت کے ان جاری کردہ احکامات کے برعکس لیسکو انتظامیہ نے ملازمین کو بھاری مالیاتی بونس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس پر انتظامی و صحافتی حلقوں میں سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ سحر 78

ٹیوٹا اور ووکیشنل ٹریننگ کونسل کے سروس رولز، ترقیاں اور تنخواہی ڈھانچے الگ الگ ہیں، جس کے باعث ان کی تنخواہیں یکساں کرنے پر صوبائی خزانے پر اربوں روپے کا اضافی مالی بوجھ پڑ سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، فوری انضمام کی صورت میں ملازمین کے عدالتوں سے رجوع کرنے کے خدشات کے پیش نظر مالی بوجھ اور ممکنہ مقدمات سے بچنے کے لیے عبوری مدت میں ایک سے زائد سربراہ نہ رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ادھر محکمہ خزانہ نے بھی متعدد چیف ایگزیکٹو اور چیف آپریٹنگ افسران کی تعیناتی پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہی ادارے کو نگران کے اختیارات دینے سے مفادات کا ٹکراؤ ہوگا۔۔

بقیہ سحر 79

پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان نے ابتدائی تفتیش کے دوران ریکی کے بعد گھروں میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ پولیس دیگر وارداتوں کا بھی سراغ لگا رہی ہے ایس ایچ او تھانہ ہنجروال کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری ہیں، جرائم پیشہ افراد کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے ذریعے شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا رہا ہے۔

23 ستمبر سے 4 اکتوبر 2026 تک منعقد ہونا تھی، ملتوی کر دی گئی ہے، پی ایف ایف

یہ فیصلہ اسلام آباد اور راولپنڈی پر مشتمل جڑواں شہروں میں موجودہ غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر کیا گیا ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے اعلان کیا ہے کہ پی ایف ایف انڈر 17 چیمپئن شپ 2026، جو اسلام آباد میں 23 ستمبر سے 4 اکتوبر 2026 تک منعقد ہونا تھی، ملتوی کر دی گئی ہے۔ یہ فیصلہ اسلام آباد اور راولپنڈی پر مشتمل جڑواں شہروں میں موجودہ غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ تمام شریک کھلاڑیوں، آفیشلز اور دیگر متعلقہ افراد کی حفاظت اور بہبود پی ایف ایف کی اولین ترجیح ہے۔ چیمپئن شپ میں پاکستان بھر سے 11 صوبائی اور علاقائی ٹیموں نے شرکت کرنا تھی: پنجاب پوٹھوہار، پنجاب روہتاس، سندھ مہران، سندھ انڈس، بلوچستان ہنگول، بلوچستان بولان، کے پی کے ہمالیاز، کے پی کے خیبر، گلگت بلتستان قراقرم، آزاد جموں و کشمیر نیلم اور اسلام آباد مارگلہ۔ یہ چیمپئن شپ پی ایف ایف کی جانب سے ملکی فٹبال کو بحال اور مضبوط بنانے، نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مواقع بڑھانے اور ملک بھر میں نوجوانوں کی فٹبال ترقی کے لیے ایک مضبوط نظام تشکیل دینے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ چیمپئن شپ کی نئی تاریخوں کا اعلان صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

GENERAL ASSEMBLY
September, 20
Nagoya, Ja

پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری رانا محمد سرور ورلڈ کبڈی کے ایڈوائزر بننے کے بعد رانا امجد کے ساتھ گروپ فوٹو

آئی پی ایل میں میچ فکسنگ کے تہلکہ خیز انکشافات، کھلاڑی نے اعتراف کر لیا

کرکٹر نے گزشتہ دسمبر میں رپورٹرز کو میچ فکسنگ کی سرگرمیوں اور اپنے کردار سے آگاہ کیا

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) انڈین پریمیئر لیگ ایک بار پھر مبینہ کرپشن کے الزامات کے باعث توجہ کا مرکز بن گئی ہے۔ بھارتی تحقیقاتی ادارے تہلکہ کی اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم کی خفیہ کیمرہ تحقیقات میں دعویٰ کیا گیا کہ آئی پی ایل 2025 کے دوران ٹیموں کی پلیئنگ الیون سے متعلق معلومات مبینہ طور پر لندن میں موجود سٹے بازوں تک پہنچائی جاتی رہیں۔ رپورٹ میں سابق فرسٹ کلاس کرکٹر رچت بھاٹیہ کا نام سامنے آیا ہے جنہوں نے مبینہ طور پر چنئی سپر کنگز کی ٹیم سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے عوض فی میچ 60 لاکھ روپے لینے کا اعتراف کیا۔ سابق کرکٹر نے گزشتہ دسمبر میں رپورٹرز کو میچ فکسنگ کی سرگرمیوں اور اپنے کردار سے آگاہ کیا۔ تہلکہ کے مطابق یہ معلومات اسنیپ چیٹ کے ذریعے لندن میں موجود بکیز تک پہنچائی جاتی تھیں اور پانچ میچز سے مبینہ طور پر تقریباً 3 کروڑ روپے حاصل کیے گئے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ معلومات فراہم کرنے والا کھلاڑی ایک نوجوان وکٹ کیپر بیٹر تھا جس کی شناخت بعد میں کرکٹ صحافی پرتیش ہلدر نے ایکس پر ونش بیدی کے طور پر کی۔ بیدی کو چنئی سپر کنگز نے آئی پی ایل 2025 کی نیلامی میں 55 لاکھ روپے میں خریدا تھا۔ تہلکہ کی رپورٹ میں بھاٹیہ کے حوالے سے 19-2018 کے سید مشتاق علی ٹرافی میں مبینہ اسپاٹ فکسنگ کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے۔ کرکٹر نے اعتراف کیا کہ سٹے بازوں سے رقم لینے کے عوض جان بوجھ کر دو گیندیں وائیڈ کرائیں۔ ایک وائیڈ گیند کے آٹھ لاکھ روپے طے ہوئے تھے جبکہ رانجی ٹرافی کی ایک ٹیم میں جگہ یقینی بنانے کے لیے رشوت دی تھی۔ بعد ازاں مبینہ سرگرمیوں کا دائرہ دہلی پریمیئر لیگ تک پھیلنے کا بھی دعویٰ سامنے آیا جہاں پلیئنگ الیون کی معلومات کے عوض فی میچ 40 لاکھ روپے کی رقم کا ذکر کیا گیا۔ بی سی سی آئی نے تاحال ان الزامات پر باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا۔

جاپان کیخلاف امپائر پر دباؤ ڈال کر فیصلہ تبدیل کروانے پر بھارتی کھلاڑی تنقید کی زد میں

اکشر پٹیل کی گیند پر جاپانی بیٹر ریورس سوئپ کھیلنے میں ناکام رہے جسے امپائر نے وائیڈ بال قرار دیا

ٹوکیو (سپورٹس ڈیسک) جاپان کے خلاف تاریخی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں متنازع وائیڈ فیصلے کے بعد بھارتی کپتان شریاس ایئر اور آل راؤنڈر اکشر پٹیل کو شدید تنقید کا سامنا ہے۔ سانو انٹرنیشنل کرکٹ گراؤنڈ میں بارش کے باعث میچ 5 اوورز فی اننگز تک محدود کر دیا گیا تھا۔ بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 32 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں جاپان ایک بڑے اپ سیٹ کے قریب پہنچ گیا تھا اور اسے آخری چار گیندوں پر چھ رنز درکار تھے۔ اکشر پٹیل کی گیند پر جاپانی بیٹر الیگزینڈر پیٹمور ریورس سوئپ کھیلنے میں ناکام رہے جسے امپائر نے وائیڈ بال قرار دیا۔ اکشر پٹیل اس فیصلے پر آگ بگولہ ہو گئے اور امپائر پر غصہ کرتے نظر آئے جس کے بعد شریاس ایئر بھی امپائرز سے گفتگو کے لیے پہنچ گئے اور نتیجتاً دبا کے تحت امپائر کو وائیڈ کا فیصلہ واپس لینا پڑا۔ فیصلہ تبدیل ہونے کے بعد جاپان کو تین گیندوں پر چھ رنز درکار تھے تاہم وہ ہدف حاصل نہ کر سکا اور بھارت دو رنز سے میچ جیت گیا۔ اس واقعے پر صحافیوں، مبصرین اور شائقین نے بھارتی ٹیم کے طرزِ عمل پر سوالات اٹھائے ہیں۔ بھارتی شائقین نے کھلاڑیوں کی اس حرکت کو جاپان سے شکست سے زیادہ شرمناک قرار دیا ہے۔

سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے تعاون سے لاہور سے مانسہرہ سرن ویلی تک کامیاب سائیکلنگ مہم

سالار احمد سندھو کی کامیاب واپسی پر پھولوں کے ہار پہنائے گئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) شہداء کو خراج تحسین اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے تعاون سے لاہور سے مانسہرہ سرن ویلی تک کامیاب سائیکلنگ مہم۔ نوجوان سائیکلسٹ سالار احمد سندھو ایک ہزار کلومیٹر لاہور سے سرن ویلی مانسہرہ کامیاب مہم کے بعد نیشنل ہاکی سٹیڈیم لاہور پہنچ گیڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نے سائیکلسٹ سالار احمد سندھو کا استقبال کیا سالار احمد سندھو کی کامیاب واپسی پر پھولوں کے ہار پہنائے گیسپورٹس بورڈ پنجاب کے تعاون سے سالار احمد سندھو نے کامیاب مہم انجام دی، کامیاب سائیکلنگ مہم پر سالار احمد سندھو کو مبارکباد دیتا ہوں، سپورٹس ڈیپارٹمنٹ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کا انعقاد کرنے جا رہا ہے۔ یوتھ گیمز میں سائیکلنگ کا ایونٹ بھی شامل ہے، نوجوانوں کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ سالار احمد نے سپورٹس بورڈ پنجاب کے تعاون سے لاہور سے سرن ویلی تک کامیاب سفر کیا، راستے میں کئی مشکلات کے باوجود مہم کو کامیاب بنایا، نوجوان سائیکلسٹ سالار احمد سندھو نے کہا میرے سفر کا مقصد پاک فوج کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔

سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں،، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ کھیلوں کے حلقوں نے وسیم شہزاد کی نئی ذمہ داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک سابق انٹرنیشنل کھلاڑی کی قیادت میں پنجاب میں تائیکوانڈو کے فروغ، نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے مثبت پیش رفت کی توقع ہے۔ نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز نے اُمید ظاہر کی کہ وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں، تجربے اور کھیل سے وابستگی کو بروئے کار لاتے ہوئے پنجاب میں تائیکوانڈو کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سپورٹس آرگنائزرز نے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت، مقابلوں کے انعقاد اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھانے کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ سپورٹس آرگنائزرز نے وسیم شہزاد کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ ان کی قیادت میں پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن نئی کامیابیاں حاصل کرے گی اور صوبے کے کھلاڑی قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔۔۔۔

نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن چیمپئن شپ: خیبر پختونخوا کے ٹرائلز مکمل

ٹرائلز میں صوبے کے مختلف اضلاع سے 50 سے زائد مرد و خواتین کھلاڑیوں نے شرکت کی

پشاور (سپورٹس ڈیسک) نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن چیمپئن شپ 2026 کے لیے خیبر پختونخوا بیڈمنٹن ایسوسی ایشن کے ٹرائلز حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں کامیابی سے مکمل ہو گئے۔ چیمپئن شپ 4 سے 9 اکتوبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ ٹرائلز میں صوبے کے مختلف اضلاع سے 50 سے زائد مرد و خواتین کھلاڑیوں نے شرکت کی، جہاں کھلاڑیوں نے سنگلز، ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ کھلاڑیوں کا انتخاب کارکردگی اور میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا بیڈمنٹن ایسوسی ایشن کے صدر بلال خان، سیکرٹری جنرل میاں صداقت شاہ اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل مسعود خان موجود تھے، جبکہ ٹرائلز ڈائریکٹوریٹ کوچز حیات اللہ اور بشرا کی زیر نگرانی منعقد ہوئے۔ مردوں کی ٹیم میں مراد علی، عبدالحسیب خان، دانیال شہزادہ، افنان خان، تیمور خان، حاشر شاہ اور میکائیل خان شامل ہیں، جبکہ خواتین کی ٹیم میں لائبہ مشتاق، مروہ جدون، سپنا لیاقت اور جیا عابد شامل ہیں۔ ایسوسی ایشن حکام نے امید ظاہر کی کہ 2026 کے قومی چیمپئن مراد علی سمیت خیبر پختونخوا کے تمام منتخب کھلاڑی قومی رینکنگ چیمپئن شپ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبے کا نام روشن کریں گے۔

ایشین چیمپئنز ٹرافی کے میچز بھارت میں نہ کھیلنے کے فیصلے پر قائم ہیں، صدر پی ایچ ایف

جاپان میں جاری ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم سے بہتر توقعات ہیں، محی الدین وانی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کے صدر محی الدین وانی نے ایشین چیمپئنز ٹرافی میں اپنے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلنے کا عزم دوہرا دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محی الدین وانی نے کہا کہ ہم بھارت میں ہونے والی ایشین چیمپئنز ٹرافی 2026 میں اپنے مقابلے غیر جانبدار مقام پر کھیلنے کے فیصلے پر قائم ہیں تاہم حتمی فیصلہ ایشین ہاکی فیڈریشن کرے گی۔ محی الدین وانی نے کہا کہ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم سے بہتر توقعات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی مسلسل بہتری کی راہ پر گامزن ہے جو اگلے چند برسوں میں مزید بہتر ہو جائے گی۔ صدر پی ایچ ایف نے کہا کہ دنیا کی بہترین ٹیموں کو شکست دی ہے، بھارت کے خلاف بھی شاندار کارکردگی دکھائی ہے، کھلاڑیوں کا مورال کافی بلند ہو چکا ہے۔ محی الدین وانی نے کہا کہ کھلاڑیوں کو بہتر تربیت اور سہولیات فراہم کی جا رہی ہے جبکہ کھلاڑیوں کی فٹنس کا معیار بھی کافی بلند ہو چکا ہے، اگلے دو سے تین برس میں پاکستان عالمی ہاکی میں اچھے نتائج فراہم کرے گا۔ ہم بھارت میں ہونے والی ایشین چیمپئنز ٹرافی 2026 میں اپنے مقابلے غیر جانبدار مقام پر کھیلنے کے فیصلے پر قائم ہیں تاہم حتمی فیصلہ ایشین ہاکی فیڈریشن کرے گی۔ محی الدین وانی نے کہا کہ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم سے بہتر توقعات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی مسلسل بہتری کی راہ پر گامزن ہے جو اگلے چند برسوں میں مزید بہتر ہو جائے گی۔

محسن نقوی کی ایرانی صدر سے ملاقات، مشترکہ تعاون کو مزید وسعت دینے کا عزم

امریکی دباؤ کی وجہ سے مسلم ممالک ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوئے ہیں، ایران اور پاکستان علاقائی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی ضروریات کا کچھ حصہ پورا کر سکتے، ایرانی صدر

خطے میں قیام امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کاوشوں پر شکر گزار ہیں، پاکستان کا حالیہ دورہ بہت مفید رہا، آنے والے وقت میں دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے، محسن نقوی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران کے سرکاری دورے کے دوران ایرانی صدر سے ملاقات کی جس میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکی دباؤ کی وجہ سے مسلم ممالک ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوئے ہیں، ایران اور پاکستان علاقائی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی ضروریات کا کچھ حصہ پورا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تجارت، معیشت، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو وزیر اعظم فیول سکیم کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کر دی گئیں

ایف بی آر نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے کیلئے قیمتیں مقرر کیں

کیٹیگری بی میں من پسند، حبیب ہانڈی، سیزنز، کشمیر، کوثر، شاہ تاج، کسان، شفق اور سلطان شامل ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے اور پوری صلاحیت کے مطابق ٹیسک وصولی یقینی بنانے کیلئے گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کر دی ہیں آئندہ ککنگ آئل اور گھی مینوفیکچررز سے اس مقررہ قیمت پر ٹیکس وصولی ہوگی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت مقامی طور پر تیار کردہ سبزیوں اور حیوانی چکنائی و تیل، گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم قیمت مقرر کی گئی ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق کم از کم قیمت پاکستان بیورو آف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

چین کا پاکستان کی انسداد دہشت گردی کوششوں کی بھرپور حمایت کا اعلان

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں پولیس کی ایک تنصیب پر ہونے والے دہشت گرد حملے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے

صوابی (مانیٹرنگ ڈیسک) صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے جس پر ایف آئی اے نے مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

نوشہرہ، کنسٹرکشن کمپنی کے اہلکاروں کی فائرنگ سے شہری جاں بحق، متعدد افراد زخمی، اہل علاقہ کا احتجاج

نوشہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نوشہرہ میں مصری بانڈہ میں ریت مائننگ کے تنازع پر کنسٹرکشن کمپنی اور مقامی رہائشی کے درمیان فائرنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان سے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی ملاقات کرتے ہوئے

موسمیاتی و مالیاتی ڈیٹا کیلئے قومی اداروں کو مربوط نظام میں لایا جائے، مصدق ملک

گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے

تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط نظام کے تحت لانے کے لیے وزیر اعظم نے وزیر دفاع کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے: وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے تاکہ موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹا جا سکے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کی صدارت سینیٹر شیری رحمان نے کی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط نظام کے تحت لانے کے لیے وزیر اعظم نے وزیر دفاع کی سربراہی میں ایک کمیٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ، راولپنڈی میں ہوٹلز، گیسٹ ہاؤسز بندش پر حکام کو نوٹس

ہوٹلز، موٹلز اور ریسٹ ہاسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کو غیر قانونی قرار دیا جائے، عدالت میں درخواست

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جماعت اسلامی اور تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے تناظر میں راولپنڈی بھر کے ہوٹلز، موٹلز اور گیسٹ ہاسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کے خلاف دائر پٹیشن ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سماعت کیلئے منظور کر لی۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جسٹس صداقت علی خان نے پٹیشن پر سماعت کرتے ہوئے ہوم ڈیپارٹمنٹ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور سی پی او کو نوٹس جاری کر دیئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے ہسپتالوں کیلئے سی ٹی اسکین مشینوں کی خریداری کیخلاف درخواست نمٹا دی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کے لیے 24 سی ٹی اسکین مشینوں کی خریداری کے خلاف درخواست سیکرٹری صحت پنجاب کے بیان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

پنجاب میں فنی تعلیم و ہنر مندی کا نظام تبدیل کرنے کی تیاری، اہم اداروں کے قوانین ختم کرنے کی تجویز

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں فنی تعلیم اور ہنر مندی کا پورا نظام تبدیل کرنے کی تیاری کر لی گئی۔ ٹیوٹا، ووکیشنل ٹریننگ کونسل اور ٹیکنیکل ایجوکیشن بورڈ کے متعلقہ قوانین ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ریسرچ اینڈ پریکٹسز اِن ایجوکیشن کے موضوع پر نویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ریسرچ اینڈ پریکٹسز اِن ایجوکیشن کے موضوع پر نویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہوگیا۔ دو روزہ کانفرنس میں ملکی و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

پنجاب میں فنی تعلیم وہنر مندی کا نیا نظام تیار، انضمام کی تجویز، ٹیوٹا اور ووکیشنل ٹریننگ کونسل قوانین ختم کرنے کا مسودہ تیار، مالی وقانونی رکاوٹیں سامنے آ گئیں

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے صوبے میں فنی تعلیم اور ہنر مندی کا پورا انتظامی و قانونی نظام تبدیل کرنے کی تیاری کر لی ہے۔ اس سلسلے میں ٹیوٹا، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل اور ٹیکنیکل ایجوکیشن بورڈ کے متعلقہ قوانین ختم کر کے ایک جامع نظام نافذ کرنے کی تجویز دی گئی ہے، تاہم دونوں اداروں کے انضمام کے راستے میں مالی اور قانونی پیچیدگیاں سامنے آ گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

اسلام آباد: ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم تاجر برادری، سول سوسائٹی اور معززین علاقہ سے مل رہے ہیں

سیکرٹری بلدیات زید بن مقصود کا ستھرا پنجاب اتھارٹی ہیڈ آفس کا دورہ

جہاں انہوں نے آپریشنل کنٹرول روم میں صفائی کے مانیٹرنگ میکانزم کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (وقائع نگار) سیکرٹری بلدیات زید بن مقصود نے ستھرا پنجاب اتھارٹی ہیڈ آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے آپریشنل کنٹرول روم میں صفائی کے مانیٹرنگ میکانزم کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید نے سیکرٹری بلدیات کو ستھرا پنجاب کے لائیو ڈیش بورڈز، گاڑیوں کی لائیو مانیٹرنگ اور کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سیکرٹری بلدیات نے ورکرز کی بیٹ وائز تعیناتی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ زید بن مقصود نے ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں ویسٹ انکلوژرز اور عارضی کولیکشن پوائنٹس کا ماڈل اپنایا جائے، جبکہ فیلڈ مانیٹرنگ افسران کی کارکردگی کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

کفایت شعاری پالیسی کے باوجود لیسکو ملازمین کیلئے ایک تنخواہ بونس منظور

وفاقی حکومت کی اخراجات میں کمی کی سخت ہدایات کے برعکس یکمشت بونس کا فیصلہ، حکام

لاہور (زیڈ این این) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے وفاقی حکومت کی جانب سے نافذ العمل کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کی پالیسی کی پروانہ کرتے ہوئے اپنے تمام افسران اور ملازمین کو ایک بنیادی تنخواہ کے برابر یکمشت بونس دینے کی منظوری دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ایک اہم اجلاس میں کروڑوں روپے مالیت کے بونس کی منظوری دی۔ بورڈ سے باقاعدہ منظوری حاصل ہونے کے بعد کمپنی کی جانب سے تمام متعلقہ افسران اور ملازمین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

SHO تھانہ ہنجروال محمد عامر انجم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے 4 رکنی گینگ گرفتار کر لیا

ایس ایچ او ہنجروال محمد عامر انجم اور انکی ٹیم نے 18 لاکھ روپے کی ہاؤس رابری میں ملوث مسرت بی بی، بلال، ندیم اور محمد علی گرفتار کیا

جرائم پیشہ افراد کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے ذریعے شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا رہا ہے، ایس ایچ او ہنجروال

لاہور (کرائم رپورٹر) ہنجروال پولیس نے بہتر حکمت عملی اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے 18 لاکھ روپے کی ہاؤس رابری کا مقدمہ ٹریس کرتے ہوئے خاتون سمیت 4 رکنی راہبری گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں مسرت بی بی، بلال، ندیم اور محمد علی شامل ہیں پولیس کے مطابق گینگ میں شامل خاتون مسرت بی بی واردات سے قبل گھروں کی ریکی کرتی تھی اور مناسب ہدف کی نشاندہی کے بعد اپنے ساتھی ملزمان کو معلومات فراہم کرتی تھی، جس کے بعد ملزمان گھروں میں داخل ہو کر وارداتیں کرتے تھے ہنجروال پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیجز اور دیگر شواہد کی مدد سے ملزمان کی شناخت کی اور انہیں گرفتار کر لیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

RIAZ
HC
SHAROON
LAHORE POLICE

ایس ایچ او تھانہ ہنجروال محمد عامر انجم اور انکی ٹیم کی بہتر حکمت عملی سے گرفتار ہونے والے راہبری گینگ کے ملزمان پولیس حراست میں

سہیل آفریدی کی لاہور آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی، پی ٹی آئی کے 41 کارکنان کی گرفتاری کا فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی میں ملوث ریلی وقافلے میں شریک 32 گاڑیوں اور 41 کارکنوں کی فہرست مرتب کر لی گئی۔ پولیس ذرائع کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، دو پولیس اہلکار جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار، پولیس نے آپریشن شروع کر دیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف جاں بحق ہو گئے، حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہو گئے، واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی ریڈ زون میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، پولیس فورس تعینات

اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملکی حالات کے تناظر میں سیکورٹی یقینی بنانے کے پیش نظر ریڈ زون میں سیکیورٹی سخت کر دی گئی۔ راولپنڈی ریڈ زون میں اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک 8 مختلف مقامات پر خصوصی پولیس پکٹس قائم کر دی گئیں، ایم ایچ چوک، ٹی ایم فلیش مین چوک اور صدر میٹرو اسٹیشن پر پولیس پکٹس قائم کی گئی جبکہ ٹی اینڈ ٹی چوک، ارے بازار روڈ، 22 نمبر چونگی اور شالیمار چوک معرکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، بلال بن ثاقب

پاکستان صرف ٹیکنالوجی کا صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اقوام متحدہ کے سوشل بزنس، یوتھ اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹوکنائزیشن ترقی پذیر دنیا میں مالی شمولیت کے طاقتور ذرائع بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

جنگِ ستمبر 1965ء کا 22 واں روز، بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا

ہر سال 22 ستمبر کو وطن کی خاطر جان قربان کرنے والے بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جنگِ ستمبر 1965ء کا 22 واں دن بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا تھا۔ ستمبر 1965 کی جنگ کا 22 واں روز اور معرکہ ڈوگرائی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ ستمبر 1965 کی جنگ پاکستان کی عسکری تاریخ میں نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ 22 ستمبر 1965 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

پشاور، کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈی یو رپورٹ مرتب

دھماکے کے مرکز کا تعین کر کے دھماکا خیز مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور میں کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ نے تفصیلی رپورٹ مرتب کر کے سنٹرل پولیس آفس ارسال کر دی۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے مرکز کا تعین کر کے دھماکا خیز مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے گڑھے کا ظاہری قطر 6.6 فٹ بائی 11 فٹ اور گہرائی 4.6 فٹ تھی، جبکہ دھماکا خیز مواد کی مجموعی مقدار 869 کلوگرام تھی۔ دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت بھی ہوگئی ہے اور دھماکے میں انتہائی طاقتور دھماکا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

لاہور: مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار بیرسٹر کریم اللہ سرا کی سربراہ میں نوجوان وکلاء کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے

وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری

24 لاکھ افراد رجسٹرڈ، 22 لاکھ سے زائد ٹوکن جاری، ایڈیشنل سیکرٹری افتخار علی سہو

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری ہے، وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم کے لیے پنجاب بھر میں 24 لاکھ افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جبکہ 22 لاکھ سے زائد افراد ٹوکن جاری کروا کر اس سکیم سے استفادہ حاصل کر چکے ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ پنجاب بھر کے 63 ہزار سے زائد پمپس پر وزیر اعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

قالینوں کی عالمی نمائش 6 اکتوبر سے لاہور میں شروع ہوگی

تین روزہ نمائش میں مختلف ممالک سے بڑی تعداد میں عالمی خریدار شرکت کرینگے، چیئرمین عتیق الرحمٰن

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان (ٹڈیپ) اور پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہاتھ سے بنے قالینوں کی تین روزہ عالمی نمائش 6 سے 8 اکتوبر لاہور کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگی جس میں مختلف ممالک سے بڑی تعداد میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

گرانفروشی و ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ڈاکٹر کرن خورشید

گرانفروشی کے 556 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ٹماٹر کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے 8 ہزار 902 انسپکشنز کی گئیں

ٹماٹر کی قیمتوں کی چیکنگ کے لیے 8 ہزار 902 انسپکشنز کی گئیں، سیکرٹری فوڈ سیفٹی

لاہور (وقائع نگار) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ صوبہ بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی اور گرانفروشی و ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ 14 سے 20 ستمبر 2026 کے دوران 1634 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے پنجاب کی مختلف مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کے دوران 4 لاکھ 27 ہزار 587 مقامات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کی زیر صدارت اجلاس

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے اجلاس کو رنگ روڈ کے لینڈ یوز پلان کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی

لاہور (وقائع نگار) سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کی زیر صدارت راولپنڈی رنگ روڈ کے لینڈ یوز پلان کے حوالے سے آن لائن اجلاس ہوا، جس میں 38 کلومیٹر طویل رنگ روڈ کے اطراف مجوزہ لینڈ یوز پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے اجلاس کو رنگ روڈ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت ایل ڈی اے انجینئرنگ ونگ کا اجلاس منعقد

جس میں چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نیکینال بینک روڈ پر جاری انڈر پاسز کی اپ گریڈیشن کے کاموں بارے بریفنگ دی

فیروز پور روڈ پر دونوں اطراف املاک کے فساڈ کی اپ گریڈیشن، فٹ پاتھ اور پارکنگ ایریا بنایا جا رہا ہے

لاہور (وقائع نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت ایل ڈی اے انجینئرنگ ونگ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نیکینال بینک روڈ پر جاری انڈر پاسز کی اپ گریڈیشن کے کاموں بارے بریفنگ دی اور بتایا کہ ٹھوکر سے مال روڈ دونوں اطراف انڈر پاسز کا اسفالٹ ورک اور روڈ سائنیج بہتر کی جا رہی ہے۔ ٹھوکر تا مال روڈ دونوں اطراف انڈر پاسز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

نو مئی جناح ہاؤس حملہ کیس، پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

دورانِ سماعت پراسیکیوشن نے مقدمے کا ریکارڈ پیش کرنے کے لیے مہلت طلب کی

لاہور (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جناح ہاؤس حملہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کی عبوری ضمانتوں میں 9 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے ملزمان کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

پنجاب میں مہلک حادثات میں ملوث 1800 ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ

سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں پر 414 ڈرائیورز کے لائسنس معطل، رواں سال مہلک حادثات میں 32 فیصد کمی ہوئی، ڈی آئی جی ٹریفک

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر حادثات میں ملوث اور سنگین ٹریفک خلاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ریلوے میں کفایت شعاری اقدامات، ہاؤس بلڈنگ ایڈوانس، بیرونِ ملک سرکاری دوروں پر پابندی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے وزیر اعظم کے کفایت شعاری اقدامات کے تحت اہم احکامات جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ
پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
S/55 LDA بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور: وزیر صوبائی تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

کرتار پور میں بابا گورو نانک کی 487 ویں برسی کی تقریبات کا آخری اور تیسرے روز بھی جاری رہیں

شکر گڑھ (بیورو رپورٹ) کرتار پور میں بابا گورو نانک کی 487 ویں برسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

ملکی ایئر پورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر ایئر لائنز کیخلاف ایکشن سخت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے ملکی ایئرپورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی پر متعدد ایئر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

ایف بی آر نے ضبط اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروا دیا

اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی

چیف کلکٹر فریق کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اپیل دائر ہونے کے 60 دن کے اندر فیصلہ کرے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز حکام کی جانب سے ضبط کی جانیوالی اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروا دیا ہے نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز رولز 2001 میں مزید ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس میں بتایا گیا کہ نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی جبکہ کامیاب بولی دہندہ اس امر کا حلف نامہ دے گا کہ اس نے جن اشیا کے لیے بولی دی ہے ان کا معائنہ کر لیا ہے۔ اس مقصد کے لیے اپنڈکس اے میں مقررہ فارم بھی متعارف کرایا گیا ہے مزید برآں کلکٹر کے فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی بولی دہندہ ایسے فیصلے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

اقوام متحدہ کی ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے کہا ہے کہ انہوں نے اس معاملے پر پاکستانی حکام سے رابطہ کیا ہے

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کر دی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے کہا ہے کہ انہوں نے اس معاملے پر پاکستانی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

اسمبلیاں توڑنے کی بات شاہ محمود قریشی نے عمران خان کے کان میں ڈالی، سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

لاہور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا ہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرینز کے چیئرمین محمود خان نے کہا ہے کہ 2023 میں شاہ محمود قریشی نے عمران خان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی کوہاٹ پولیس لائنز مسجد دھماکے میں شہید ایس پی اکبر شنواری کے اہل خانہ سے ملاقات کے بعد فاتحہ خوانی کرتے ہوئے

پاکستان کسٹمز اسٹیشن مند پر مسلح افراد کا حملہ، کسٹمز سپاہی زخمی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز اسٹیشن مند، ردیہو بارڈر پر متعدد نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں کسٹمز سپاہی زخمی ہو گیا۔ مسلح افراد نے کسٹمز اسٹیشن میں زبردستی داخل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

ذوالفقار حمید کی کوہاٹ پولیس لائنز مسجد دھماکے میں شہید ایس پی اکبر شنواری کے گھر آمد

آئی جی پی خیبر پختونخوا نے شہید کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی اور اہلخانہ سے تعزیت کی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی کوہاٹ پولیس لائنز مسجد دھماکے میں شہید ایس پی اکبر شنواری کے گھر آمد، آئی جی پی خیبر پختونخوا نے شہید کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی اور اہلخانہ سے تعزیت کی، شہدائے پولیس ہمارا فخر اور انکے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد سی ڈی اے نے شاپنگ مال انتظامیہ کو 8 کنال اراضی کے عارضی استعمال کی اجازت منسوخ کر دی

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے شاپنگ مال انتظامیہ کو 8 کنال اراضی کے عارضی استعمال کی اجازت منسوخ کر دی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

21 اضلاع میں 36 لاکھ افراد کو 4G سہولت دینے کے 15 منصوبوں پر کام جاری

معاہدہ شدہ سبسڈی 92.25 ملین روپے ہے۔ پانچ منصوبوں پر 50 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) کے 4G رسائی کے 15 منصوبوں پر کام جاری ہے جن کے تحت 21 اضلاع کے 1,893 مواضعات میں 36 لاکھ 56 ہزار 923 سے زائد افراد کو رابطے کی سہولت فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، ان منصوبوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

ایف بی آر گوداموں سے 25 کروڑ روپے مالیت کے سگریٹ غائب ہونے کا اسکینڈل، مقدمہ درج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر گوداموں سے 25 کروڑ روپے مالیت کے سگریٹ غائب ہونے کے اسکینڈل کا ایف آئی اے اینٹی کرپشن سیل نے مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی آر میں ایف بی آر کے 5 افسران اور نجی کمپنی کے 3 مالکان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

حکومت پنجاب کا لاہور میں 3 نئے بڑے ہسپتال تعمیر کرنے کا فیصلہ

ایل ڈی اے سٹی میں نواز شریف میڈیکل سٹی کیلئے 216 ایکڑ زمین مختص، اربوں کے منصوبے منظور، رپورٹ

پیڈیاٹرک انسٹیٹیوٹ، برن اینڈ ٹراما سنٹر اور جنیٹک بلڈ ڈیزیز ہسپتال قائم ہوں گے، آئی ڈیپ کو ذمہ داری تفویض

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے لاہور میں صحت کی جدید اور بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے ایل ڈی اے سٹی میں 3 نئے اور بڑے جدید ہسپتال تعمیر کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ منصوبے کے تحت "نواز شریف میڈیکل سٹی" کی احداث کے لیے 216 ایکڑ زمین مختص کر دی گئی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

خواجہ فرید یونیورسٹی میں لیکچرار پر طالبہ کو ہراساں کرنے کا الزام، واٹس ایپ پیغامات منظر عام پر

رحیم یار خان (بیورو رپورٹ) خواجہ فرید یونیورسٹی میں لیکچرار کی جانب سے طالبہ کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے پر واٹس ایپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

پولیس والوں کے ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر دماغ کام نہیں کر رہے، لاہور ہائیکورٹ

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کا لاہور پولیس کی کارکردگی اور عدالت میں جمع کروائی جانے والی رپورٹس پر سخت اظہارِ ناراضگی

اگر آپ اس عدالت کیساتھ ایسا کر رہے ہیں تو باقی عدالتوں کے ساتھ کیا کرتے ہوں گے' چیف جسٹس عالیہ نیلم سی سی پی او پر برہم

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے لاہور پولیس کی کارکردگی اور عدالت میں جمع کروائی جانے والی رپورٹس پر سخت اظہارِ ناراضگی کیا ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے شہری مومن خان کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار نے 2021ء میں سی سی پی او فیاض احمد کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی، موجودہ سماعت کے دوران سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ، ڈی آئی جی ایڈمن عمران کشور کے ہمراہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفائع کے اجلاس میں شریک ہیں

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاع کے اجلاس میں شرکت

ڈی آئی خان گرین فیلڈ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کام تیز کیا جائے، گورنر خیبر پختونخوا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاع کے اجلاس میں شرکت کی، چیئرمین کمیٹی سینیٹر محمد طلحہ محمود نے گورنر کا خیر مقدم کیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے اجلاس میں خیبر پختونخوا میں فضائی رابطوں اور ایئرپورٹس سے متعلق مسائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

پنجاب میں طلبا کی ای بائیکس کی تصدیق کا نیا طریقہ کار مقرر، ڈی ای او سیکنڈری ایجوکیشن فوکل پرسن مقرر

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب حکومت نے طلباء کی ای بائیک ویری فکیشن کے لئے اہم فیصلہ کر لیا۔ ڈی ای او سیکنڈری ایجوکیشن کو ای بائیک ویری فکیشن کا فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے، جو سکول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

لاہور شاہ عالم مارکیٹ کے پلازہ میں آتشزدگی، ریسکیو آپریشن جاری

فاطمہ مارکیٹ راجہ جیولرز کی چوتھی منزل پر آگ بھڑک اٹھی، فائر فائٹرز پہنچ گئے

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت کے گنجان تجارتی مرکز شاہ عالم مارکیٹ میں واقع فاطمہ مارکیٹ کے ایک پلازہ میں اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی فائر فائٹر ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ تفصیلات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

لاہور کینٹ ڈویژن میں خواتین و بچوں پر تشدد میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

لاہور (زیڈ این این) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کے سخت احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے کینسر و کینٹ ڈویژن پولیس نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

سندھ حکومت اور عالمی ادارہ خوراک کا تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ سندھ اور عالمی ادارہ خوراک پاکستان کی نمائندہ کے درمیان اعلیٰ سطح کا اجلاس

سکول میلز، غذائیت، موسمیاتی لچک اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں شراکت داری مزید مستحکم کرنے کا فیصلہ

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) پاکستان کی نمائندہ انیتا ہرش کے درمیان اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، جس میں سندھ حکومت اور ڈبلیو ایف پی کے جاری تعاون اور مستقبل میں شراکت داری کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے اسکول کھانوں، غذائیت، موسمیاتی لچک، پیشگی اقدامات اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نجم احمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، وزیر اعلیٰ کے سیکریٹری آصف جمیل، سندھ سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)